دوسرے کو بیچ دیا ہم کتے رہے کتے رہے اور ہم کیسے پہنچے بسو ں کے اندر سا ما نوں کے سا تھ جہاں کبھی گھٹن ہو تی ہے اور ہمیں خطر ہ ہو تا تھا کہ شاید ہمار ا دم نکل جا ئے اب لو گ پیسو ں کے لئے اپنی جا ن کو بھی خطر ہ میں ڈا ل دیتے ہیں اور وہ لوگ جو یہاں پر اچھے کھاتے پیتے گھر انہ کے ہیں. آج جو معا شرہ میں کروڑ پتی بنے کا لا کھ پتی بنے کا شوق پید ا ہو گیا ہے اگر یہ شوق شعور میں بد ل جا ئے کہ ہم جتنی کو شش پیسہ کما نے میں کر تے ہیں وہ اگر اتنی کو شش ہم رزق حلال کما نے کے لئے کریں تو معاشرہ جنت بن جا ئے پھر کو ئی یہودیوں کا ایجنٹ نہیں بنے گا پھر کو ئی فرقہ پرستی نہیں پھیلا ئے گا کیو ں کہ لوگوں کو پیسہ کما نے کا شوق ہے ا ور اس پیسہ کو کہاں لے جاؤ گے کیا اس پیسہ کو قبر میں لے جا ئیں گے کہاں گیا نمر و دکہاں گیا فرعون کہاں گیا قا ر ون ا ن کا بھی پیسہ یہا ں رہ گیا وہ چلے گئے مو لا علی - اور رسول خد ا فرما تے ہیں کہ اگر رزق حرام ہے تو نہ تیری نماز قبو ل ہے اور نہ تیری دعا قبو ل ہے انسان کتے سے بد تر ہے

اگر اس کی نماز قبو ل نہ ہو دعا بھی قبو ل نہ ہو انسا ن انسان نہیں رہے گ. بلکہ وہ ''اولا ئک کالانعام'' اگر رزق حلال نہیں تو انسان کی زند گی میں کے ہر ایک پل ہر ایک لمحہ پر خدا کی لعنت ہے اللہ کے رسو ل فر ما تے ہیں ''لا یشم ریح الجنۃ'' وہ انسان جنت کی خو شبو بھی نہیں پاسکتا ہے '' جسد نبت علی الحرا م'' وہ جسم جنت کی خو شبو نہیں سونگھ سکتا ہے جو جسم حرا م غذا سے پل رہاہے جس کی پرورش رزق حلا ل پر نہیں ہے وہ جنت کی خوشبو نہیں پاسکتا ہے جو عبا د ت کے سا تھ حرا م بھی کھا رہا ہے تو وہ پا نی پر بلڈنگ بنا نا چا ہتا ہے پا نی پر گھر بنا نا چا ہتا ہے

رزق حر ام کے با رے میں ایک مشہور رو ا یت ہیکہ شریک ابن عبد اللہ اپنے زما نے کا ایک بہت بڑا عابد تھا بہت بڑا ز ا ھد تھا بہت بڑا عالم تھا اس زمانے کے ظا لم نے با دشاہ چا ہا کہ میں اسے اپنا قاضی بناؤں اسے بلا یا کہا آپ بہت بڑے عالم ہیں زا ہد ہیں آپ میرے قا ضی بن جائیں قاضی کے معنی یہ ہیں کہ با دشا ہ کے بعد سب سے بڑا عہدہ ہو تا ہے شریک ابن عبد اللہ نے کہا بادشاہ تو ظالم ہے اگرمیں قا ضی بنا تو گو میں تیرے ظلم میں شریک ہو گیا ہوں آج کے زمانے میں انسان چھو ٹی چھوٹی پوسٹو ں کے لئے دین ایما ن سب کچھ بیچ دیتے ہیں با د شا ہ نے کہا ا گر آپ میرے قاضی نہیں بنتے ہیں تو میرے وزیر ا عظم بن جا ئیے کہا یہ ا س سے بد تر ہے ا ور آپ کے ظلم میں شر یک ہو جاؤں گا ا س نے کہا تو میرے بچو ں کے استا د بن جائیے کہا با دشا ہ حدیث میں ہے کہ فر ما یا : ظا لم کے قر یب رہنے سے دل میں کثافت پید ا ہو تی ہے باد شاہ نے کہا میں آپ کا بڑا احتر م کرتا ہوں آ پ نے میری توہین کی میر ا دل توڑ دیا اب چو تھی میری خو اہش کو رد نہ کیجئے با د شاہ نے کہا کہ ایک وقت کا کھانا میرے سا تھ

کھا ئیے اب یہاں یہ عابد اس شیطان جال میں پھنس گیا ا س نے کہا میں نے تین دعوتیں ٹھکر ادیا ایک کھا نے کھا نے سے کیا ہو تاہے با د شاہ نے کہا ٹھیک ہے اب بادشا ہ نے دستر خو ان بچھوا یا شریک ابن عبد اللہ نے کھا نا کھا نا شرو ع کیا اب جیسے لقمہ حرام پہنچا اس پر فوراً اثر کیا یہ نہیں کہ خو ن بنے دما غ میں جا ئے حد یث ہے کہ جیسے لقمہ حرام پیٹ میں جا ئے تو فوراً ا ثر کر تا ہے اس لئے زمین کے فرشہ بھی لعنت کر تے ہیں زمین کے فر شتہ بھی اثر کر تے ہیں جیسے حرام پیٹ میں پہنچا تو شیطا ن نے کہا اے عابد تو بڑا بیوقوف ہے اگر تو بادشاہ کے بیٹوں کا استا د بنے گا یہی توبچہ تو وہ کل با دشاہ بننے و الے ہیں تو انہیں متقی بنا سکتا ہے تو وہ عاد ل بادشا ہ بنیں گے اس کا ثو اب تیرے اعما ل نا مہ میں لکھا جا ئے گا اب شیطا ن کا وسوسہ ہوگیا کیو نکہ غذا حرام ہے ا س نے کہا میں اپنا فیصلہ واپس کر نا چاہتا ہوں میں آپ کی ایک آ فر قبو ل کرنا چا ہتا ہو ں آپ کے بچوں کا استا د بن جا ؤ ں گا با د شاہ نے کہا آپ کی بہت مہر بانی اب اور لقمہ حرام پیٹ میں گیا شیطا ن نے کہاکہ قاضی بنے میں کیا برا ہے قا ضی بنو گے تو کتنے بے گنا ہوں کو آزاد کردو گے ا س نے کہا میں قا ضی بنے کے لئے بھی ر اضی ہو ں

ایک ا ور روایت حضرت ایو ب ع کے با رے میں ہے کہ شیطا ن تھک گیا لیکن شیطا ن کا کو ئی حربہ کا میا ب نہیں ہو ا ا س نے کہاکہ کسی طرح سے حضرت ایو ب کو حرام کھلادوں ان کی بیوی ان کے پاس جارہی تھی تو شیطا ن انسان کی شکل میں آ کر ان کی بیو ی سے کہا کیا با ت ہے اس نے کہا میرا شو ہر بیمار ہے شیطا ن نے کہاکیا تکلیف ہے انھوں نے جب شیطا ن کو ایک دو تکلیف بتائی تو شیطان نے کہا یہاں میں ایک بہت بڑا حکیم ہوں اس نے کہا یہ بھی تکلیف ہو گی یہ بھی تکلیف ہوگی ان کی بیوی حیران ہو گئی کہ یہ بہت بڑے حکیم ہوں گے کہ مر یض کو دیکھے بغیر ساری خبریں دے رہے ہیں ا ن کی بیو ی نے کہا آپ جیسا حکیم ہمیں نظر نہیں آ ئے گا آپ کو ئی نسخہ بتائیں تاکہ میر ا شوہر اس مر ض سے نجات پا ئے. شیطا ن نے کہا ہاں مجھ سے بڑا کو ئی حکیم نہیں ہے اس نے کہا دیکھو ایک بکرہ لے لو اور اس کو اس طرح سے ذبح کر ناکہ جب ذبح کرو گے تو اس پر اللہ کا نا م نہ لینا بیوی آئی حضرت ایو ب سے کہا آج ایسا حکیم ملا ہے کہ ہم سوچ بھی نہیں سکتے ہیں میں نے مر ض کی ایک دو باتیں بتائیں تو ا س نے سا ری تفصیل بتا دی اس نے نسخہ بھی دیا انشا ء اللہ آج آپ ٹھیک ہو جائیں گے حضرت ایو ب نے کہا کیا نسخہ بتا یا اب بیو ی نے ا س نسخہ کو بتلانا شروع کیا، کہا کہ اس طر ح کا بکرہ ہو مگر جب اسے ذبح کرو تو قبلہ کی طر ف رخ بھی نہ کر نااور اللہ کا نا م بھی نہ لینا جب حضرت ایوب نے یہ سنا توکہا، ’’اعوذ با للہ من الشیطا ن اللعین الرجیم‘‘ یہ حکیم نہیں ہے یہ تو شیطا ن ہے

آج کا مشکل مسئلہ رزق حلال کا ہے اب کتنی دکانیں یہودیوں کی کھل گئی ہیں اب باہر کی جو کمپنیاں آتی ہیں تو وہ ان کا مقصد حرام کھلانا ہے اب مسلمانون کی بدبختی ہے کہ کھانے پینے کی چیزوں پر بھی یہودیوں کا قبضہ ہے اب آپ نے پڑھا کہ ذبیحہ حرام ہے

اگر اس پر اللہ کا نام نہ لیکر ذبح کیا جائے امریکا میں مومنین نے خود تحقیق کی ہے کہ حج پر مرغیاں دو طرح کی ہوتی ہیں ایک امریکن ہوتی ہیں ایک سعودی کی ہوتی ہیں وہاں یوسٹن کے مومنین نے خود تحقیق کی ہے دیکھا کہ یوسٹین میں ذبیحہ کوئی درست نہیں ہے چھری پر لکھدیا ''بسم اللہ الرحمن الرحیم'' مشین چل رہی ہے گردنیں کٹ رہی ہیں ایک بیچارہ امریکن مومن آئل کمپنی میں کام کرتا تھا اسے معلوم تھا کہ یہ مرغیاں جو امریکا سے آتی ہیں وہ حلال نہیں ہیں اور وہ کمپنی بھی عیسائی کی ہے وہ بیچارہ احتیاط کرتا تھا جاتا تھا خود مرغیاں خریدتا تھا اور دکاندار کے سامنے کھڑا ہوتا تھا تاکہ وہ ذبح کرے اور وہ سمجھتا تھا کہ میں حلال کھا رہا ہوں ایک دو مہینہ یہ سلسلہ چلا ایک دن وہی نوجوان جو ذبح کرتا تھا وہ جو دکاندار تھا اس نے لڑکے کو آواز دی اے رمیش ذرا مرغی ذبح کردو اس نے کہا رمیش اس نے کہا کہ کیا یہ مسلمان نہیں ہے اس نے کہا نہیں یہ ہندو ہے اس نے کہا یا اللہ میں امریکا کی مرغی سے بچا تو رمیش کی مرغی میں آکر پھنسا سعودی عرب ایک مسلمان ملک ہے وہاں پر بہت سارے چاکلیٹوں میں حرام ہے یہاں پر بھی یہی حال ہے حالانکہ انگلستان امریکا یورپ میں کئی جماعتوں میں دیکھا کہ لوگوں نے اشتہار لگایا ہے کتاب چھپی ہے یہ چیزیں حرام ہیں مگر یہاں پاکستان میں کوئی سلسلہ نہیں ہے وہاں کے لوگ اپنے بچوں کو یاد کروا دیتے ہیں کہ لارڈ حرام ہے، استبلایز حرام ہے، املسیفائر حرام ہے، چھوٹے بچے دکانوں میں جاتے ہیں پہلے دیکھتے ہیں کہ ان میں استبلائز نہیں ہے یاہے؟ وہی چیزوں کو یہاں پر بھی بچہ سعودی عرب میں کھاتے ہیں اوریہاں پر بھی کھاتے ہیں چائنیز ڈش میں جو وہ نمک ہے اس کا نام اجینو موٹو اس میں ایک ایسا عنصر ہے جو سور کی چربی سے نکالتے ہیں وہی عنصر یہاں مصالحوں میں ڈالا جا رہاہے ایک مولا انور علی صاحب امریکا میں ہیں انھوں نے تحقیق کی ہے کہ کن کن چیزوں میں حرام ہے اور کن چیزوں میں حرام نہیں ہے حتی کے نوٹ، پیسہ بھی جن میں حرام ہے

اور جس میں حرام نہیں ہے صابون کس میں حرام ہے اور کس میں حرام نہیں ہے حالانکہ صابون دھونے کے بعد کوئی مسئلہ نہیں ہے استعمال کرسکتے ہیں لیکن پوری فہرست وہاں کے مومنین کے پاس موجود ہے

کہ یہ چیز لینی ہے یا یہ چیز نہیں لینی ہے مگر پاکستان میں وہ چیزیں مصالحوں میں بھی کھلائی جاتی ہے

پہلے انگلینڈ اور امریکا میں حلال دکانیں نہیں تھیں جب شعور بڑھا تو لوگ کھانے چھوڑ دیے لوگ وہاں پر کوثر گوشت کھاتے تھے جو یہودی لوگ اسے ذبح کرتے تھے اور کسی جاہل نے انہیں کہا کہ کوثر گوشت کھاتے رہو جب شعور بڑھا تو مسلمانوں نے اپنی دکانیں بنائیں اس سے دو فائدے ہوئے ایک تو رزق حلال ملا اوردوسرے ہزاروں مومنین کو کاروبار مل گیا اب حلال گوشت لنڈن میں امریکا میں اس گوشت سے زیادہ مہنگا ہے اگر رزق حلال کمانے کا اگر مومنین کو شعور پیدا ہو گا تو مومنین کو کاروبار ملے گا لوربازار کا ڈالڈا نہیں خرید اجائے یہ بھی یہودیوں کا ہے اس وقت شعور نہیں ہے کہ رزق حلال کھانے کی اہمیت کس قدر زیادہ ہے

مامون رشید اتنا بڑا ظالم تھا کہ وہ دولت حکومت کے لئے اپنے بھائی امین کو قتل کیا مگر ہارون کا ایک اور بیٹا بڑا نیک تھا جسے لوگ نہیں جانتے ہیں اس کا نام قاسم تھا یہ قاسم اتنا متقی تھا کہ وہ اپنے والد کے گھر سے کھانا نہیں کھاتا تھا مزدوری کر کے کھانا کھاتا تھا کہتا تھا کہ میرا باپ ظالم ہے وہ مسلمانوں کا حق غصب کرتا ہے بیت المال مسلمانوں کا حق ہے تاریخ میں ملتا ہے کہ یہ قاسم ہارون کا بیٹا ایک دن گذر رہا تھا اس کے پھٹے ہوئے کپڑے تھے توکچھ گورنر ٹائپ کے لوگ جو تھے وہ اس کا مزاق اڑانے لگے کہ یہ کون پاگل دربار میں آگیا ہے تو لوگوں نے کہا اسے پاگل نہیں کہو یہ ہارون کا بیٹا ہے تو لوگ حیران ہوگئے کہ یہ بادشاہ کا بیٹا ہے لوگوں نے کہا کہ یہ یہاں سے ایک لقمہ حرام نہیں کھاتا ہے اب سنئے اسے موت کیسی ہوئی قاسم بصرہ میں گیا اور وہاں مزدوری کرتا تھا حلال کماتا تھا وہاں کا ایک بہت بڑا سیٹھ تھا اسے بلایا اس نے دیکھا کہ یہ جوان محنتی ہے اس نے اسے اپنے گھر لے گیا اور اس نے بہت اچھا کام کیا

اور اس کے بعد اسے پھر کام کی ضرورت پڑی اسی قاسم کی تلاش میں نکلااس نے دیکھا کہ اس نے ایک ٹوٹا پوٹا کمرہ کرایہ پر لے رکھا ہے وہاں بیمار لیٹا ہوا ہے اس نے کہا میں آپ سے کام کرانا چاہتا ہوں کہا میں مرنے والا ہوں میری وصیت سن لو اس نے کہا وصیت کیا ہے اس نے کہامیں ہارون رشید کا بیٹا ہوں وہ شخص ڈر گیاکہا یہ ہارون رشید کا بیٹا ہے اگر ہارون رشید کو معلوم ہو گیا کہ میں نے اس کے بیٹے سے مزدوری کا کام لیا ہے تو وہ مجھے مار دے گا قاسم نے اسے کہا، بہت زور سے نہ چاہتے ہوئے بھی میرے والد نے مجھے زبردستی یہ انگوٹھی دی تھی کہ مجھے شک ہے کہ شاید اس میں غریبوں کا حق ہے میری وصیت یہ ہے کہ بغداد میں اسے میرے والد کو واپس کردو اور یہ حق حلال کی کمائی ہے اس سے میرا کفن بھی کرنا اور اس سے میرا دفن بھی کرن. یہ سر مایہ دار کہتا ہے کہ میں حیران ہو گیا میں کیا سن رہاہوں کیا دیکھ رہا ہوں ہارون کے بیٹے نے کہا تھوڑی دیر کے بعد

میری روح پرواز ہو جائے گی ا تنے میں میں نے دیکھا کہ قاسم اپنی جگہ سے کھڑا ہو نا چاہتا ہے اور کھڑا ہو ا اور کہا السلا م علیک یا علی ابن ابی طا لب اب آ پ نے دیکھا یہ قاسم کو ن ہے یہ ہا ر ون قاتل امام مو سی کا ظم کا بیٹا ہے مگر رزق حلال کی وجہ سے موت کے وقت مو لا علی تشریف لا ئے نہ فقط مو لا علی - تشریف لا ئے بلکہ ا س نے مو لا کو پہچانا اٹھ کر مو لا علی - کو سلا م کیا السلا م علیک یا مو لا یا علی ابن ابی طا لب اور رو ح پرواز ہو گئی ا گر ہم چا ہتے ہیں کہ ہمیں موت کے وقت تکلیف نہ ہو اور مولاعلی - کی زیار ت ہو تو ا س قاسم کی طر ح رزق حلال کھاؤ اگر ا نسان رزق حرا م سے پیٹ بھررہا ہے تو وہ انسان حیو ان سے بد تر ہو جا تا ہے پیٹ بھر نا اصل کا م نہیں ہے کتا بھی پیٹ بھر لیتا ہے اصل انسان کا کما ل یہ ہے کہ رزق حلال پیٹ میں جا ئے مشکل ہے نا ممکن نہیں ہے اور اگر خد ا سے التجا کر یں تو یقینا خدا غیب سے مدد کرے گا اور رزق حلال میسر ہو گ

اختتا م

مجلس ۴

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اما بعد فقد قال اللہ تبارک وتعالی فی کتابہ المجید

(الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونہ مکتوباً عندہ م فی التورات والانجیل)

رزق حلال کمانا سب سے بڑی عبادت ہے اگر انسان رزق حلال نہیں کھا رہا ہے تو نبی ص بھی کہہ رہے ہیں اور مولی علی - بھی کہہ رہے ہیں کہ نہ اس کی نماز قبول ہے نہ اس کا حج قبول ہے نہ اس کی زکاۃ قبول ہے نہ اس کی عزاداری قبول ہے. عبادت کے لئے شرط اول یہ ہے کہ رزق حلال ہونا چاہئے قرآن کریم نے بہت بہترین انداز میں ہمیں سمجھایا کہ حضرت فاطمۃ الزھراء س حسنینع کی ماں نے فقط دس روٹیاں اللہ کی راہ میں خیرات دی تھیں کوئی زیادہ پیسے نہیں تھے کوئی زیادہ کھانانہ تھا حسنینع کی ماں نے دس روٹیاں اللہ کی راہ میں دیں تو اللہ نے پوری سورہ دہر کو شان میں نازل کردی. اب لوگ حیران تھے کہ دس روٹیاں اور اس کی شان میں، اس کے مقابلہ میں ایک پوری سورہ لوگ روٹیاں دیکھ رہے تھے خدا روٹیاں پکانے والی کو دیکھ رہاہے کہ یہ روٹیاں کسی عام خاتون نے نہیں بنائیں یہ خاتون جنت نے بنائیں لوگ روٹیاں دیکھ رہے تھے مگر پروردگار دیکھ رہا تھا یہ گندم یا آٹا کن ہاتھوں سے لایا گیا ہے وہ ہاتھ کتنے پاک ہیں کہ رزق کن ہاتھوں سے حاصل کیا گیا ہے اور یہ رزق کتنا پاک ہے اور پکانے والی کی طہارت کس منزل کتنی بلند ہے حالانکہ لوگوں نے چاہا کہ ہماری شان میں بھی کوئی آیت نازل ہو اور بہت خیرات کی مگر آیت ایک بھی نازل نہ ہوئی یعنی خدا زیادہ خیرات کو نہیں دیکھتا خداخیرات دینے والے کی نیت کو بھی دیکھتا ہے اور طہارت کو بھی دیکھتا ہے اور جو رزق دے رہے ہیں اس رزق کی طہارت کو بھی دیکھتا ہے اگر کوئی حرام کے لاکھوں دیدے اس کا کوئی ثواب نہیں اجر نہیں ، اسی لئے رزق حلال کی بڑی قیمت ہے مولائے متقیان حضرت علیع نے سنا کہ ایک شخص نے چوری کے مال سے رزق حرام سے مسجد بنائی ہے اور وہ ناز کر رہا ہے کہ یہ میرے لئے نجات کا سرمایہ ہے اور آج کل یہی ہو رہا ہے لوگ رشوت کھائیں گے ملاوٹ کریں گے بے ایمانی کریں گے ظلم کریں گے لوگوں کا مال غصب کریں گے پھر جب مال آگیا

تو اس پیسہ سے حج پہ چلے جائیں گے جب مال زیادہ آگیا تو اس سے مسجد بنائیں گے وہ بیچارے سمجھ رہے ہیں کہ ہم نے جو مسجد بنائی تووہ حرام کا مال حاصل کرنے کا گناہ معاف اور یہ فکر پرانی ہے اور مولیٰ علیع نے اس فکر باطل کو مٹانے کے لئے خط لکھا اور وہ خط موجود ہے مولیٰ علیع نے اسے خط لکھا جس نے حرام کے پیسوں سے مسجد بنائی تھی اور کتنا سخت خط ہے فقط اس کے لئے نہیں سب حرام کھانے والوں کے لئے یہ مولی کا خط آج بھی بہترین تازیانہ ہے تاکہ انسان حرام کھانا چھوڑ دے مولیٰ علیع نے کیا لکھا

مولیٰ علیع نے فرمایا: اے حرام کے پیسہ سے مسجد بنانے والے ! اے لوگوں کے مال غصب سے مسجد بنانے وا لے تیری مثال اس زانی عورت جیسی ہے تیری مثال اس فاحشہ زانی عورت جیسی ہے جو زنا کے ذریعے سے پیسہ کماتی ہے اور نجات کے لئے مسجد بناتی ہے. فرمایا، نہ وہ بدکاری کرتی نہ وہ مسجد بناتی. تو سمجھ رہا ہے کہ لوگوں کا مال غصب کر کے اگر میں نے مسجد بنائی تو خدا میرے گناہوں کو معاف کر دے گا خدا نے قرآن میں اعلان کیا ہے ''انما یتقبل اللہ من المتقین'' میں اس کا عمل قبول کرتا ہوں جو متقی ہو میں اس کی عبادت قبول کرتا ہوں جس کا رزق حلال ہو رزق حرام جمع کرنے والے کی نہ عبادت قبول ہے نہ نماز قبول ہے نہ حج قبول ہے

اگر ذبیحہ درست نہیں تو بکرہ حرام ہے اور یہ ذبیحہ جو مسلمان کرتے ہیں اس پر چند سال پہلے یورپ میں شور ہوا تھا اخباروں میں ریڈیو میں ٹیلیویژن میں آیا کہ یہ ذبیحہ جو مسلمان کرتے ہیں یہ روکا جائے کیوں کہ اب ہر محلہ میں یورپ میں حرام گوشت کی دکانیں موجود ہیں

ایک شور ایک سازش اٹھی تھی کہ یہ ذبیحہ جو مسلمان کر رہے ہیں یہ غیر انسانی کام ہے یہ وحشیانہ عمل ہے کہا کیوں، کہا اس لئے کہ ہم تو جو کافر لوگ حیوان ذبح کرتے ہیں ان کی پوری گردن کٹ جاتی ہے فوراً حیوان مر جاتا ہے مگر ذبیحہ میں پوری گردن نہیں کاٹ سکتے بلکہ آپ حیوان کو تڑپنے کا موقعہ دیتے ہیں تاکہ اس کے بدن کا پورا خون نکل جائے تو وہاں پر حیوانات کے حقوق کے بارے میں انھوں نے بڑا شور مچایا کہ بھائی دیکھئے یہ ظلم بیچارے حیوان پر یہ مسلمان تھوڑی سی گردن کاٹتے ہیں پھر اس حیوان کو تڑپاتے ہیں اور تڑپ تڑپ کر نہیں معلوم کب وہ مرتا ہے اور یہ ذبیحہ جو ہے مسلمانوں کا غیر انسانی عمل ہے یہ حیوان پر ظلم ہے ہم حیوان کو ایک جھٹکے میں مار دیتے ہیں ، اب اس مسئلہ کا جواب بھی توریت سے پیش کرنا چاہتے ہیں ،اور یہ اسلام کی عظمت ہے کہ کتاب ان کی ہے اور دلیل ان کی کتاب سے ہم دے رہے ہیں اسلام کے ہر مسئلہ کا ثبوت توریت سے بھی حاصل کر سکتے ہیں انجیل سے بھی حاصل کر سکتے ہیں سائنس سے بھی حاصل کر سکتے ہیں کیوں کہ ان الدین عند اللہ الاسلام یہ دین خدا کا دین ہے بندوں کا بنایا ہوا دین نہیں ہے پہلا چیپٹر توریت کا اور چیپٹر کا نمبر9 آیۃ کا نمبر 4

but you must naver each animal thay istel have there life bleed in them

ہر گز اس حیوان کو مت کھاو جس کے اندر ابھی اس کا خون ہو

دو سرا حوالہ توریت سے چیپٹر سترہ آیت کا نمبر دس

and I will trun aginst anyone wather an israelly or forner living amoung you or he eat and dring blud in any for I will cut such a parson from the comunty

یہ قانون شریعت موسیٰ ہے فرما رہے ہیں اسرائیلی ہو یا کوئی فارینر ہو اگر کوئی خون پیتا ہے تو خون نجس ہے خون پینے والے کو ہم کمیونٹی سے نکال دیں گے توریت کہہ رہی ہے خون نجس ہے انجیل کہہ رہی ہے خون نجس ہے قرآن کہہ رہا ہے خون نجس ہے جب تک کے حیوان کے اندر خون موجود ہے توریت کا حکم ہے کہ اس کا گوشت مت کھاو اس لئے کے نہ شریعت محمد مصطفی ص میں جائز ہے نہ شریعت موسیٰ میں. وجہ کیا ہے وجہ یہ ہے کہ سائنسی دلیل ہے کہ خون تمام جتنے بھی بیماریوں کے جراثیم ہیں تمام بیکٹریااس کے لئے بہترین غذاہے لہذا اگر حیوان کے بدن میں خون رہے گا تو نتیجہ یہ ہوگا کہ اس کے خون میں بیماریوں کے جراثیم فوراً داخل ہو جائیں گے اور یورپ والوں نے جو یہ شور مچایا تھا کہ ذبیحہ غیر انسانی ہے ان کے خاموش ہونے کی سائنٹیفک ریسرچ تھی کہ سائنسدانوں نے تسلیم کیا کہ جب حیوان تڑپتا ہے تو اس کے بدن سے پورا خون نکل جاتا ہے لہذا یہ گوشت بہتر ہے اس گوشت سے جس کے اندر خون ہے لہذا وہاں بیماریوں کے چانسز زیادہ ہیں

تیسرا حوالہ بائبل سے چیپٹر چودہ آیۃ نمبر اکیس dont eat any think that have daied has nutrer dath کوئی چیز بھی مت کھاو جو خود مر جائے مردار ہو جائے اپنی موت جو بھی مرے اسے مت کھاو اور قرآن نے بھی یہی کہا کہ بغیر ذبیحہ کے اگر مرغی مری تو وہ حرام ہے مرادار حرام ہے خون نجس ہے یہ تو توریت کے حوالے تھے

اب امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں: مردار گوشت مت کھاو مردار گوشت کھانے سے کئی بیماریوں میں مبتلا ہونے کا امکان ہے کیا بیماریاں مولیٰ فرماتے ہیں سکتہ کی موت مرسکتے ہو سکتہ کی موت ہو سکتی ہے اس کو جو مردار کھائے بغیر ذبیحہ کے کھائے ،دوسرے یہ فرمایا،کہ مردار مت کھاو اگر مردار کھاو گے تو تمہاری نسل نہیں ہوگی تمہاری اولا پیدا نہیں ہوگی اور آج بیماری یورپ میں کثرت سے ہے آج یورپ والوں کے لئے سب سے بڑا پروبلم یہ ہے کہ بوڑھوں کی تعداد زیادہ ہو گئی ہے اور نوجوانوں کی تعداد کم ہو گئی ہے کیوں کہ کچھ لوگوں کو اولاد نہیں ہوتی اور کچھ لوگ اولاد سے بیزار ہیں حوصلہ نہیں اولاد کی پرورش کریں اس قدر نفس پرست ہیں بہر حال اس وقت یورپ میں بڑا پروبلم یہ ہے کہ بوڑھوں کی تعداد زیادہ ہے اور اور جوانوں کی تعداد نہیں کے برابر ہے . آخر میں کئی لوگوں کو انڈیا سے منگوایا گیا خصوصاً کمپیوٹر جاننے والوں کو خود ان کے اندر نوجوانوں کی تعداد کم ہے

اور یہ بیماری یورپ آمریکا میں کثرت سے ہے کہ لوگوں کو اولاد نہیں ہوتی اور امام سبب بتا رہے ہیں کہ اگر مردار گوشت کھاو گے بغیر ذبیحہ گوشت کھاو گے تو تم اپنی نسل ختم کر رہے ہو پھر اولاد کے لئے تڑپتے رہو گے . عظمت اسلام کو سمجھئے اسلام کتنا عظیم الشان مذہب ہے کتنا دین حکمت ہے

کتنا سائنٹیفک ہے اور اس کے بعد معصوم نے فرمایا: کہ خبردار خون مت پیو خون نجس ہے توریت میں بھی نجس ہے قرآن میں بھی نجس ہے فقہ جعفری میں بھی نجس ہے دیگر مذاہب میں بھی نجس ہے اور ریزن کیا ہیں امام نے فرمایاخون مت پینا اگر تم نے خون پیا تو تمہارا دل اتنا سخت ہو جائے گا تمہارے دل قساوت میں اتنی بڑھ جائے گی کہ خون پینے والے امکان ہے اپنی اولاد کے بھی قاتل بنیں اور اپنے ماں باپ کے بھی قاتل بنیں یہ خون پینے کا نتیجہ ہے اور یورپ میں اکثر دیکھا گیا ہے کہ اگر ان کی انگلی کٹ جاتی ہے تو وہ مزے سے خون پیتے ہیں وہ سمجھتے ہیں یہ طاقت ہے ضائع ہو جائے گی اصلاً اس قدر جاہل ہیں حالانکہ ان کی کتاب میں بھی ہے کہ حضرت موسیٰ فرماتے ہیں کہ فارینر بھی ہو تو میں اسے کمیونٹی سے نکال دوں گا اگر خون پی رہا ہو اور وہ اپنی کتاب سے بے خبر ہیں اور امر بالمعروف ختم ہو چکا ہے اور وہاں چھوٹا بڑا بوڑھا جو بھی زخمی ہوتا ہے اپنا خون چاٹنے لگتا ہے یہ طاقت ہے میری، اور اس کا نتیجہ بھی امام نے بتایا کہ جو خون پیئے گا خون پینے والے کا دل اتنا سخت ہو جائے گا کہ وہ اپنی اولاد کو بھی قتل کرے گا اور ممکن ہے یہ وہ اپنے ماں باپ کو بھی قتل کرے اور یورپ امریکا میں رپورٹ سنائی دے رہا ہے کہ ہزاروں سے زیادہ ایسے ماں باپ ہیں جو اولاد کے قاتل ہیں اور ہزاروں ایسے بچے ملیں گے جو ماں باپ کے قاتل ہیں اس کا نتیجہ ہے کہ انسانیت ختم ہو جائے گی درندگی آجائے گی اگر تم نے خون پیا ، کچھ لوگ یا جاہل ہیں یایہودیوں کے ایجنٹ ہیں یا مذہب کو بدنام کرنا چاہتے ہیں کہ ٦ محرم کو کھارا در میں بکرے ذبح کرتے ہیں اور چہرے پر خون لگاتے ہیں اگر ان کا قرآن پر ایمان ہے تو قرآن کہہ رہا ہے خون نجس ہے

اگر امام جعفر صادق ع پر ایمان ہے تو امام جعفر صادق فرماتے ہیں خون نجس ہے اگر امام حسینؑ پر ایمان ہے تو امام حسین فرماتے ہیں خون نجس ہے اگر امام علیؑ پر ایمان ہے تو امام علیؑ کہہ رہے ہیں خون نجس ہے مگر اب تو انھوں نے پینا بھی شروع کر دیا یہ وہ گروہ ہے جو خون پیتا ہے وہی گروہ مجلس حسینؑ کو ڈسٹرب کرنا چاہتا ہے تاکہ دیکھیں کتنے لوگ مجلس میں ہیں صرف اس وجہ سے، یہ گروہ دیکھتا ہے کہ ممبر حسینؑ سے امریکا کے خلاف بولا جارہا ہے یہودیوں کے خلاف بولا جا رہا ہے اور وہ نہیں چاہتے کہ یہ آواز بلند ہو لیکن صبر سے کام لیجئے یہودی یہی چاہتے ہیں کہ مجلس نہ ہو عزاداری نہ ہو ان کے ایجنٹ کبھی عزاداری کو عزاداری سے، کبھی مجلس کو مجلس کے ذریعے سے ختم کرنا چاہتے ہیں لہذا کچھ نوجوان گئے بھی تھے وہ سب صبر سے کام لیں کیوں

کہ یہودیوں کا مقصد یہی ہے کہ مجلسیں نہ رہیں عزاداریاں نہ رہیں اپنے ایجنٹوں کے ذریعے سے مجلس کو مجلس کے ذریعے سے ختم کرنا چاہتے ہیں

عزاداری کو عزاداری کے ذریعے سے ختم کرنا چاہتے ہیں یہ خون لگانے والے شریعت اسلام کو بد نام کر رہے ہیں کیوں اس لئے کہ یہودی خوف زدہ ہیں مذہب اہل بیت سے خوف زدہ ہیں وہی یہ فوٹو لے لے کر ان خون لگے ہوئے چہروں کا اپنی ٹیلویژن پر دکھاتے ہیں تاکہ لوگوں کو بتائیں کہ مذہب اسلام دین وحشی ہے یہ نجس خون اپنے چہروں پر لگاتے ہیں یہ حیوانی اور درندگی کے قائل ہیں لہذا چاروں طرف سے سازش میں گھرے ہیں صبر سے حوصلہ سے کام لیں لہذا امر بالمعروف کرنا واجب ہے ایک مومن پر قاتلانہ حملہ بھی ہوا اسی جرم میں جب اس نے کہا کہ خون مت لگائیے خون نجس ہے اب تو خون پینا بھی شروع ہو گیا یہ خون نعوذباللہ پیجئے شفا پاو گے مقصد کیا امامؑ نے فرمایا جب خون پیو گے تو تمہارا دل پتھر سے زیادہ سخت ہو جائے گا نہ حسینؑ کے غم میں روو گے نہ علی اصغر ع کے غم میں رووگے یہ عزاداری کے دشمن ہیں عزاداری کے نام پر مومنوں کو خون پلاو تاکہ ہدایت کے دروازے بند ہو جائیں

ہدایت کے دروازے بند ہو جاتے ہیں جب انسان حرام کھائے جب انسان خون پیۓ تو یقیناً اس کے لئے ہدایت کے دروازے بند ہو جائیں گے ، اگر یہ لوگ مجلس کو ڈسٹرپ کرنا چاہتے ہیں تو کل قیامت کے دن جواب حضرت فاطمہس کو دیں گے ہمارا کام ہے امر بالمعروف کرنا کیوں کہ امام حسینؑ کی قربانی کا سب سے بڑا مقصد امر بالمعروف تھا اگر امر بالمعروف ختم ہوجائے ہم ڈر جائیں قاتلانہ حملہ سے کے ہم پر قاتلانہ حملہ ہوگا ان کو امر بالمعروف نہ کریں یہ خون لگائیں کل کوئی اور نجاست لگائیں آج خون قوم کو پلائیں کل کچھ اور پلائیں تو نتیجہ یہ ہوگا کہ ہماری قوم کا حشر یہ ہو جائے گا جو آج عیسائیوں کا ہے ہماری قوم کا حشر وہ ہو جائے گا جو آج یہودیوں کا حشر ہے لہذا امر بالمعروف واجب ہے عالم پر بھی غیر عالم پر بھی. مگر امر بالمعروف کے شرائط ہیں کہ صبر کے ساتھ انسان امر بالمعروف کرے انبیاء نے امر بالمعروف کر کے پتھر کھائے ہیں انبیاء نے امر بالمعروف کر کے گالیاں کھائیں ہیں لڑنا لڑانا نہیں ہے کیوں کہ دشمن یہی چاہتا ہے

کہ فتنہ ہو پہلی محرم سے بم پھینک کر عزاداری کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں اور اپنے ایجنٹوں کے ذریعے سے مجلس کو مجلس کے ذریعے سے ماتم کو ماتم کے ذریعے سے بگاڑنا چاہتے ہیں تاکہ فتنہ ہو لیکن جو واقعی شیعہ ہیں وہ امن سے رہیں اور برائی کا جواب اچھائی سے دیں وہ اپنا کردار پیش کریں آپ مولی علیؑ کا کردار پیش کریں. کسی نے مولی علیؑ سے کہا مولی کوئی آپ سے برائی کرے آپ

کیا کریں گے مولی نے فرمایا میں اچھائی کروں گا مولی دوبارہ کوئی برائی کرے کیا کریں گے فرمایا دوبارہ اچھائی کروں گا کہا مولی تیسری بار کوئی برائی کرے آپ کیا کریں گے فرمایا تیسری بار اچھائی کروں گا اب پوچھنے والے کون تھے اللہ کے رسول تھے اب جب پوچھا تو مولی علیع کا انداز بدل گیا فرمایا اللہ کے رسول جب تک وہ برائی کرتا رہے گا تب تک میں اچھائی کرتا رہوں گا ، کیوں کس لئے؟ مولی نے جواب دیا اس لئے جب وہ بری عادت چھوڑنے کے لئے تیار نہیں ہے تو میں اچھی عادت کیوں چھوڑدوں

عزاداری امام حسینع کے دو دشمن ہیں ایک بموں سے عزاداری حسینع کو روکنا چاہتے ہیں کچھ عزاداری کی طہارت کو پامال کرنا چاہتے ہیں ایک خون پلا کر اور خون لگاکر عزاداری کی صورت بگاڑنا چاہتے ہیں لہذا دونوں سے ہوشیار رہیں یہ دونوں عزاداری حسینع کے دشمن ہیں کچھ بموں کے ذریعے عزاداری حسینع کو روکنا چاہتے ہیں کوئی طہارت عزاداری کو پامال کرنا چاہتے ہیں قرآن کہہ رہا ہے خون نجس ہے اہل بیتع کہہ رہے ہیں خون نجس ہے قرآن کی آیت ہے کہ جن اہل بیتع کے ہم ماننے والے ہیں ''انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا''

یہ اہل بیت کا مذہب ہے اور اہل بیت کا مذہب پاک مذہب ہے اور اس میں نجاست کا کوئی گذر نہیں ہے لہذا حرام کی غذا کا اثر ہے دنیا میں بھی آخرت میں بھی عبادت قبول نہیں ہوتی اس وقت سب سے بڑا جہاد ہے رزق حلال کمانا، مشکل ضرور ہے مگر نا ممکن نہیں کیسے ''والذین جاھدو فینا لنھدینھم سبلنا'' قرآن میں خدا کا وعدہ ہے مومن پکا ارادہ کر لے کہ مجھے غذاء حرام سے بچنا ہے تو غیب سے مدد ہوتی ہے کیسے ایک واقعہ ہے ایک مومن تھا جس کا نام تھا حارث اس کا باپ بہت امیر تھا لیکن یہ ہارون الرشید کے بیٹے قاسم کی طرح اتنا نیک اور متقی تھا کہ مزدوری کر کے گذارا کرتا تھامگر اپنے باپ کا پیسہ خرچ نہیں کرتا تھا

باپ اس کا مر گیا سترہزار دینار جو آج کل کے کروڑ روپیہ بنتے ہیں وہ چھوڑ کے مرا اور اب اس کی سب ملکیت تھی اس کا ایک ہی بیٹا تھا اس نے کہا مجھے علم بھی ہے یقین بھی ہے کہ یہ میرے باپ کی رقم جو ہے حلال نہیں ہے بلکہ حرام ہے اور مجھ پر ایک درہم بھی اٹھانا حرام ہے حالانکہ خود ایک درہم کا محتاج جب اتنی بڑی قربانی اس نے دی اب خدا کیسے غیب سے مدد کرتا ہے اس کے بعد جب بھی غذاء حرام اس کے سامنے آجاتی تھی تو اس کے ہاتھ کی ایک رگ کھڑی ہوجاتی تھی اور اس کا ہاتھ رک جاتا تھا آگے نہیں بڑھتا تھا اور وہ سمجھ جاتا تھا کہ یہ رزق حرام ہے ورنہ کیسے سمجھے کہ یہ رزق حرام ہے خدا غیب سے مدد کرتا ہے اور کئی

لوگوں نے اس کا امتحان لیا کوشش کی کہ اسے حرام کا کھانا کھلائیں لیکن جیسے ہی حرام کا کھانا اس کے سامنے آگیا اس کے ہاتھ کی رگ کھڑی ہو گئی اور اس کا ہاتھ وہیں رک گیا اور وہ سمجھ گیا کہ یہ کرامت اللہ نے مجھے عطا کی ہے

اس قربانی کی وجہ سے خدا مجھے بتا رہا ہے کہ یہ حرام کا لقمہ ہے اسے چھوڑدیا . لہذا ہم سب پر واجب ہے نو حصہ عبادت رزق حلال کھانا ہے رزق حلال کمانا ہے لہذا کوشش کریں جس قدر بھی سخت ہو ورنہ انسان حیوانیت کے درجہ سے بھی گر جاتا ہے اگر فقط شکم پرست ہو صرف لذت پرست ہو اور حلال حرام کا خیال نہ کرے انسان کی انسانیت ختم ہے ،دین ختم ہے ،ایمان ختم ہے ،شیطان اور شیطان کے لشکر ی یہی چاہتے ہیں کہ مومنوں کو حرام کھلا دیں پھر وہ سور کی چربی کی شکل میں ہو یا خون کی شکل میں ہو .

یہودی اسلام کے دشمن عزاداری کے دشمن مسلمانوں کے دشمن مومنین کے دشمن سازش پہ سازش کر رہے ہیں تاکہ عزاداری کو نقصان ہو مجالس کو نقصان ہو مومنین کے اندر فتنہ فساد ہو مومنین اور مسلمان کے درمیان فتنہ اور فساد ہویہ سازشیں اسی لئے ہیں تاکہ مومنین متحدنہ ہوں. یہودی نہیں چاہتے کہ مسلمان اور مومن متحد رہیں

لہذا کتنی بھی زیادتیاں ہوں مگر صبر سے کام لیں اور اتحاد کو پارہ ہونے نہ دیں مومنین کا اتحاد مسلمین کا اتحاد یہی اسلام کی کامیابی ہے

اور دشمن ان بڑے بڑے اجتماعات سے خوف زدہ ہے عزاداریوں سے خوف زدہ ہے وہ اس عزاداری کو مٹانا چاہتا ہے اگر اتحاد نہ رہا فتنہ فساد ہوگا تو کیاہوگا عزاداری نہ ہوگی انہوں نے ہمیں قتل کر کے بھی دیکھا کہ یہ قوم شہید اٹھانے کے بعد بھی نہیں تھکتی کتنے شہداء ہم نے آج تک دیئے ہیں اس عزاداری کے لئے کیا مجمع میں کوئی کمی آئی ہے کیا مجالس میں کوئی کمی آئی ہے کیا ماتم و آہ زاری میں کوئی کمی آئی ہے جب دشمن نے ادھر سے شکست کھائی ہے اب اپنے ایجنٹوں کے ذریعے ہمارے اندر داخل ہوکر فتنہ کرنا چاہتا ہے

آپ کو اور ہم کو صبر سے اتحاد سے کام لینا ہے احترام چاہے سامنے والا کرے یا نہ کرے عزاداری کا احترام کرنا ہے چاہے اگر اس عزاداری کو کوئی پامال کرنا چاہے یہ کس کی مجلس ہے یہ زہراءس کے مظلوم بیٹے حسین کی مجلس ہے یہ حسینؑ کی مجلس ہے یہ علی اکبر ہم شکل پیمبر کی مجلس ہے یہ عباس علمدار کی مجلس ہے اگر کوئی اس مجلس کو ڈسٹرب کرنا چاہے تو کل زہراءس کا کیا جواب دے گا ہمیں کچھ نہیں کہنا ہے فیصلہ بی بی پر چھوڑ دیں گے لہذا صبرسے کام لیں اتحا دسے کام لیں اپنا کردار پیش کریں علیؑ کا کردار پیش کریں حسینؑ کا کردار پیش کریں امام زین العابدینؑ کا کردار پیش کریں یزید مجلس زین العابدینؑ کو مٹانا چاہتا تھا حسینؑ کا

بیٹا مجلس پڑھ رہا تھا یزید نے اذان دینے کا حکم دیا اذان بلند کرو تاکہ سجادع کی مجلس ڈسٹرپ ہو جائے ظلم کے خلاف جو بیمار آواز بلند کر رہے ہیں وہ لوگوں تک آواز نہ پہنچے اذان کے ذریعے سے امام تھوڑی دیر خاموش ہو گئے لیکن جب موذن پہنچا "اشھد ان محمداً رسول اللہ" تو پلٹ کر کہا اے یزید بتا محمد رسول اللہ میرے جد ہیں یا تیرے؟ امام نے صبر سے کام لیا ہمیں بھی صبر سے کام لینا ہے اگر ماتم ہو جلوس ہو کوئی آپ کو دھکا بھی دیدے آپ اسے عبادت سمجھ لیجئے جواب نہ دیجئے اگر گالی بھی دے دے تو صبر، کیوں کہ اس مجلس میں بی بی فاطمہ الزہراءس آتی ہیں. سامنے والا جو بھی کہے اس کا جواب نہ دیں بی بی کا احترام کریں اس مجلس میں بی بی زینب س آتی ہیں اس جلوس میں امام زمانہع ج آتے ہیں اگر ہم نے جواب دیا اگر کسی کی تھپڑ کا جواب تھپڑ سے دیا تو ہم نے بے احترامی کی بی بی فاطمۃ الزہراء س کی. لہذا صبر کا درس کربلا والوں نے دیا ہے

مجلس ۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اما بعد فقد قال اللہ تبارک وتعالی فی کتابہ المجید

(الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونہ مکتوباً عندہ م فی التورات والانجیل)

قرآن مجید آج بھی ہمارے پیارے نبی محمد مصطفی ص کا زندہ معجزہ ہے قرآن کی ہر آیت معجزہ ہے خدا نے حضرت موسی کو عصا کا معجزہ دیا تھا کہ جب عصا پھینکتے تھے تو اژدھا بن جاتا تھا اور جب عصا زمین پر مارتے تھے توچشمہ بہتا تھا

خدا نے حضر ت عیسی کو معجزہ دیا کہ مردوں کو زندہ کرتے تھے لیکن جیسے حضرت موسی چلے گئے ویسے ان کا معجزہ بھی چلا گیا جیسے حضرت عیسیؑ چلے گئے ویسے ان کا معجزہ بھی چلا گیا مگر ہم اور آپ دیکھ رہے ہیں کہ قرآن زندہ معجزہ آج بھی موجود ہے تو یہ دلیل ہے

کہ آج بھی کوئی محمدص جیسا موجود ہے ورنہ ہر نبی کے ساتھ اس کا معجزہ چلا گیا آج بھی قرآ ن موجود ہے تو ہمارے نبی ص جیسا ان کا وارث موجود ہے یہ خود نبیص کی حدیث ہے کہ "اولنا محمد اوسطنا محمد آخرنا محمد و کلنا محمد" ہمارا پہلا محمد ہے ہمارا درمیانہ بھی محمد ہے ہمارے سب کے سب محمد ہیں ہم سب کے سب محمد ہیں .

یہ قرآن کی آیت معجزہ ہے کہ اے مسلمانو! تمہارے نبی کی صداقت کو تمہارے اسلام کی صداقت کو فقط قرآن سے نہیں فقط عقل کی روشنی میں نہیں فقط فلسفہ کی روشنی میں نہیں بلکہ تم توریت سے بھی ثابت کر سکتے ہو انجیل سے بھی ثابت کر سکتے ہوچہ جائے انجیل اور توریت میں عیسائی یہودیوں نے بہت خیانتیں کی ہیں بہت تبدیلیاں کی ہیں مگر قیامت تک پیمبر کا معجزہ ہے یہ قرآن کی آیت کا معجزہ ہے کہ ہر چیز آپ سن رہے ہیں کہ اسلام کی ہر چیز نہ فقط قرآن سے بلکہ ہم توریت سے بھی ثابت کر سکتے ہیں یہ اسلام کی عظمت ہے کہ "ان الدین عند اللہ الاسلام" اللہ کے نزدیک دین اسلام ہے دین ایک ہے آدم ع کے زمانہ میں بھی اسلام تھا

ابراھیم کے زمانہ میں بھی اسلام تھا موسیؑ کے زمانے میں بھی اسلام تھا عیسی کے زمانے میں بھی اسلام ہے اور محمد ص کے زمانہ میں بھی اسلام ہے .

خون نجس ہے اگر ذبیحہ صحیح نہیں تو اس جانور کا گوشت حرام ہے اور جتنی چیزیں اسلام نے حرام قرار دی ہیں اسلام کا فرمان ہے کہ یہ نجاست کھاو گے تو یہ بیماری ہوگی یہ نجاست کھاو گے تو وہ بیماری ہوگی اور سائنس نے بھی اسے ثابت کیا ہے جیسے بعض لوگ

ہوتے ہیں خود کو ماڈرن کہتے ہیں پڑھے لکھے کہتے ہیں. کہتے ہیں یہ اسلام نے کیا کہا کہ سور مت کھاو جب کہ پورے کافر کھا رہے ہیں پورا آمریکا کھا رہا ہے سور کھانے میں کیا حرج ہے بعض جو بہت ہی ویسٹر نائز ہو جاتے ہیں ایسے سوالات کرتے ہیں تو ایک بہترین کتاب انگریزی میں موجود ہے کہ سور کے گوشت کے اندر کتنے بیکٹریاز ہیں کتنے پیراسائٹ ہیں کتنی بیماریاں ہیں سائنس کے اعتبار سے اور خود ان کی رپورٹ کے مطابق. لیکن سور خنزیر جو حرام ہے

صرف آج حرام نہیں صرف ہمارے نبی کے زمانہ میں حرام نہیں ہوئی ہے بلکہ حضرت آدمؑ کے زمانہ میں بھی حرام تھی موسیٰ کے زمانہ میں بھی حرام تھی حضرت عیسی کے زمانہ میں بھی حرام تھی کیوں کہ دین ایک ہے ، چیپٹر کا نام لیویٹکس چیپٹر کا نمبر11
then the lord said to moses and haron give the following حضرت عیسی اور حضرت موسیٰ پر خدا نے وحی نازل کی

کہ کون سی چیزیں حرام ہیں اور کون سی چیزیں حلال ہیں and the hare so they also never be eaten and the pig may not be eaten توریت کہہ رہا ہے کہ خرگوش اور سور حرام ہے اور یہ فقہ جعفری ہے جس میں خرگوش بھی حرام ہے اور سور بھی حرام ہے چیپٹر کا نام as for marine animals،deutronomy14:9 سمندر کی مخلوقات میں کون سے حلال ہیں you may eat has both fins and scale

سمندری مچھلیوں میں توریت کہہ رہی ہے ان کو کھانا جن میں چھلکے ہوں اور یہ بھی فقہ جعفری کی صداقت ہے کہ چھلکے والی مچھلی کھاتے ہیں اور بغیر چھلکہ والی مچھلی ہے تو وہ حرام ہے

آج سائنسی ریسرچ بھی ہے کہ سائنسدان بھی منع کرتے ہیں کہ بغیر چھلکے والی مچھلی مت کھاو اس میں جراسیم جلد جاتے ہیں چھلکے جراسیم کو اندر داخل ہونے نہیں دیتے مگر یہ آیت انجیل کی بہت حیران کرنے والی ہے

don"t be drunk with wine،ephesians 5:18 , شراب پی کر مدہوش مت ہو جاو because that will ruin your life کیوں کہ شراب تمہاری زندگی کو برباد کردے گا حضرت عیسی کہہ رہے ہیں کہ شراب تمہاری زندگیوں کو برباد کر دے گا مگر عیسائیوں کو توچھوڑیں مگر ان کی عبادت گاہ میں ان کے پادری شراب پیتے ہیں آج سائنس نے ثابت کر دیا ہے کہ کتنی بیماریاں شراب پینے سے ہوتی ہیں آج عیسائیوں کی عبادت گاہ میں شراب پی جاتی ہے کیوں، عیسائی پادریوں نے امر بالمعروف نہیں کیا کیسے امر بالمعروف کرتے جب کہ بادشاہ خود شراب پی رہا تھا اگر کہتے شراب حرام ہے تو بادشاہ جیل میں ڈال دیتا اگر کہتے شراب حرام

ہے تو عوام خلاف ہو جاتی انجیل میں آیت موجود ہے بہت سارے عیسائیوں کو معلوم نہیں ہے کہ انجیل میں آیت موجود ہے شراب پی کے مدہوش مت ہو جاو شراب تمہاری زندگیوں کو برباد کردے گااب اگر جس قوم سے امر بالمعروف ختم ہو جائے تو گناہ کبیرہ ان کی عبادت گاہوں میں آجاتا ہے اے مسلمانو! شکریہ ادا کرو امام حسین - کا ، اے کلمہ پڑھنے والو! شکریہ ادا کرو کربلا والوں کا یزید نے یہی کام شروع کیا تھا مسجد دربار میں ہوتی تھی مسجد میں بیٹھ کر سب سے پہلے یزید نے شراب پینا شروع کیا جوا کھیلنا شروع کیا گانا چلانا شروع کیا اگر حسین - نے علی اکبر جیسے جوان قربان نہ کئے ہوتے اگر حسینع کربلا میں علی اصغر جیسے معصوم بچے قربان نہ کرتے اگر زینبس کربلا میں چادر قربان نہ کرتی تو مسلمانو! ہماری مسجدوں میں بھی عیسائیوں کی مسجدوں کی طرح شراب پینا کوئی گناہ نہ سمجھا جاتا جب یہ خبر فرزند علیع فرزند زہراء فرزند رسول خدا ص علیع کے لال کو پہنچی تو حسینع نے کہا چاہے کتنی قربانی دینی پڑے اے یزید تو مسجد میں شراب پیتا ہے میں پورا گھر قربان کردوں گا مگر ایسا امر بالمعروف کا درس دوں گا

تاکہ قیامت تک پھر کسی حاکم کو جراءت نہ ہوگی کہ مسجد میں شراب پئے یہ حسین - کا درس ہے یہ امر بالمعروف کا اثر ہے اگر مولیٰ حسینع امر بالمعروف نہ کرتے تو لوگ گناہ کو گناہ نہ سمجھتے اب کتنی اہم عبادت ہے

ظالموں کو خطرہ، کافروں کو خطرہ، شیاطین کو خطرہ امر بالمعروف سے ہے . کربلا میں آکر امام حسینع نے بتایا کہ جو بھی جوا کھیل رہا ہے جو بھی شراب پی رہا ہے وہ امام حسینع کے خلاف جنگ کر رہا ہے اور امام حسینع اس کے خلاف جنگ کر رہے ہیں لہذا اگر کوئی شرابی ہے تو شرابی کا امام، امام حسینع نہیں ہیں شراب پینے والے کا امام ، یزید ہے. نشہ کرنے والے کا امام یزید ہے بھنگ کی شکل میں ہو چرس کی شکل میں ہو ہیروئن کی شکل میں ہو حرام پھر بھی حرام ہے شراب کی شکل میں جو نشہ کر رہا ہے وہ اپنے عمل سے اپنا امام یزید کو بنا رہا ہے اس کا امام حسینع امام نہیں، حسینع اس کا امام نہیں جو شراب پئے امام حسینع اس کا امام نہیں جو رقص وسرور گانے بجانے کی محفلوں میں جائے امام حسینع نے کربلا میں آ کر بتایا کہ قیامت تک کے لئے میں اس کے خلاف جنگ کروں گا جو ان کاموں میں مشغول ہے . مولیٰ علی،ع نبی ص اہل بیتع ،کے فرامین بتائے گئے کہ حرام کھانے کے بعد عبادت قبول نہیں ہوتی، جو حرام کھائے چالیس دن نہ اس کی نماز قبول نہیں ہے اس کی دعا قبول نہیں ہے مسلسل مولیٰ علیع فرما رہے ہیں، نبی ص فرمارہے ہیں کہ اے لوگو! اگر حرام سے تمہاری زبان نے طاقت حاصل کی تمہارے دل نے حرام سے طاقت حاصل کی تو اس زبان سے جو بھی تسبیح پڑھو گے استغفار کرو گے اس کا کوئی ثواب نہیں اللہ کے رسول کی حدیث ہے اگر کوئی حرام کھا کر عبادت کر رہا ہے وہ دریا یا سمندر میں گھر بنانا چاہ رہا ہے عبادت وہ قبول ہے جہاں لقمہ حلال ہو شراب پینے والے کے بارے میں بہت حدیثیں

ہیں. اللہ کے رسول ص فرماتے ہیں اگر کوئی شراب پیتا ہے تو اس کی عیادت کو مت جاو یہ حکم نبیص ہے اگر کوئی شرابی مر جائے اس کے جنازہ کو کاندھا مت دو اس کی تشیع جنازہ میں مت جاو اگر شرابی تم سے بیٹی کا رشتہ مانگے اسے بیٹی مت دو اگر دیا تو تمہاری بیٹی کی نسل برباد، شرابی کی اولاد مومن بننا مشکل ہے، نسل تباہ ہو گئی ،فرمایا شرابی اگر گواہی دے اس کی گواہی قبول نہیں،

شرابی کے پاس امانت مت رکھو وہ خائن ہے اور اس کا عذاب ، اللہ کے رسول نے دوسری حدیث میں فرمایا اگر کوئی شراب پیتا ہے حرام کھاتا ہے

غدا اس حرام کی وجہ سے اس کے دل کو اتنا سخت بنا دیتا ہے اتنی غلاظت کی نجاست کا پردہ اس کے دل پر آجا تا ہے کہ نہ اس کو عبادت میں لذت ملے گی نہ اسے نماز پڑھنے میں لذت ملے گی نہ اسے قرآن پڑھنے میں لذت ملے گی نہ اسے ذکر خدا میں لذت ملے گی شرابی کے لئے عبادت کی لذت کے دروازے بند ہو جاتے ہیں ، دوسرا عذاب جب کوئی شراب پیتا ہے اللہ کے رسول فرماتے ہیں زمین اور آسمان کے سارے فرشتے اس پر لعنت بھیجتے ہیں تیسرا جب کوئی شراب پیتا ہے تو حضرت آدم سے لے کر حضرت محمد مصطفی ص تک ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء اس پر لعنت بھیجتے ہیں فرمایا، شرابی جب مرے گا جہنم کی آگ کے سواء اسے کچھ بھی نہ ملے گاسورہ واقعہ کی تفسیر ہے جب جہنم میں شراب پینے والے، حرام کھانے والے بھوک سے تڑپیں گے اور کہیں گے اے فرشتو اگر کوئی غذا ہو تو ہمیں دو ہم بھوک سے مر رہے ہیں فرشتہ جواب دیں گے تم نے اگر عمل صالح کیا ہوتا تو یہاں تمہارے لئے نورانی غذائیں بنتی تم تو حرام کھانے والے تھے تم تو شراب پینے والے تھے حرام سے جو غذا بنی ہے اس کا نام ہے زقوم ، زقوم جہنم کا پھل ہے جہنمی جب بھوک سے تڑپے گا مجبور ہو جائے گا کہ وہ پھل کھائے اب جیسے وہ زقوم جہنمی پھل کھائے گا جس کے لمبے لمبے کانٹے ہیں یہ کانٹے اس کی گردن میں پھنسیں گے ایک دفعہ فریاد کرے گا پانی پانی فرشتے کہیں گے اگر دنیا میں روزہ رکھتے تو یہاں پانی ملتا اے کم بخت تو نے کبھی روزہ نہیں رکھا تو پانی کہاں سے ملے گا یہاں کا پانی روزہ کی بھوک اور پیاس سے بنتا ہے تو نے جو گناہ کئے اس سے جو پانی بنا اس کا نام حمیم ہے ابلتا ہوا پانی اب یہ لے لے پی لے تفسیر ہے سورہ واقعہ کی جیسے وہ گنہگار اس پانی کو پئے گا اس کا ہونٹ کٹ کے اس کے سینے پر گرے گا ، یہ سزا ہے حرام غذا کی . اگر حرام کی غذا ہے تو دنیا اور آخرت کی بربادی ہے . لہذا اہل بیت ؑ نے تاکید کی ہے کہ لقمہ حرام سے بچو کوئی عمل قبول نہیں ہدایت کے دروازے بند ہو جاتے ہیں اگر انسان غذا حرام کھائے حرام کسی کا حق کھا رہا ہے کسی کا مال کھا رہا ہے رشوت کھا رہا ہے . ایک نورانی جملہ مولی علی نے فرمایا: میں سخت ترین زہریلے کانٹوں پر سونا پسند کرتا ہوں اور اگر کوئی میرے گلے میں رسی باندھے میرے ہاتھوں میں ہتھکڑی

پہنائے میرے پاوں میں رسی باندھے اور مجھے گھسیٹتا ہوا لے جائے میں اسے بھی محبوب رکھتا ہوں مگر میں اسے پسند نہیں کرتا کہ میں قیامت کے دن خدا اور رسول کے سامنے آوں اور میں نے کسی کا حق غصب کیا ہو ،یا کسی پر ظلم کیا ہو ،

سخت کانٹے یعنی سختی دنیا ہر سختی مجھے قبول ہے مگر حرام اور کسی کا حق غصب کرنا مجھے قبول نہیں اور دوسرا نورانی جملہ ارشاد فرمایا: کوئی میرے گلے میں رسی باندھے یعنی دنیا کی جاہ و عزت اس کی مجھے فکر نہیں ہے کہ مجھے حکومت مل جائے مجھے یہ مل جائے مجھے وہ مل جائے نہیں علیع اس کو پسند نہیں کرتا کہ میں کسی کا حق غصب کروں اور کل قیامت کے دن اللہ اور اللہ کے رسولص کے سامنے حاضر ہو جاوں اور اس کے سامنے منھ دیکھانے کے قابل نہ رہوں. تو مولٰی علیع ہمیں سمجھانے کے لئے بتا رہے ہیں ، فرما رہے ہیں اس جسم کے لئے میں کسی کا حق غصب کروں کسی پر ظلم کروں جو بہت جلد بوڑھا ہو رہا ہے اس جوانی کے لئے میں کسی پر ظلم کروں جوناتوانی میں بدل رہی ہے یہ جوانی جو بڑھاپے میں ڈھل رہی ہے فرما رہے ہیں اس جسم کی راحت کے لئے میں کسی کا حق غصب کروں میں کسی پر ظلم کروں جو مجھے یقین ہے کہ مٹی کے نیچے دبنے والا ہے یہ علیع آپ کو اور مجھے کہہ رہے ہیں

اے انسان اس جسم کے لئے جو مٹی کے منوں کے نیچے دبنے والا ہے کیوں کسی پر ظلم کر رہے ہو کیوں کسی کا حق غصب کر رہے ہو خبردار کسی پر ظلم مت کرو کسی کا حق غصب نہ کرو اگر کوئی آپ سے ضعیف ہے بیوی ضعیف ہے اس پر ظلم نہ کرو نوکر ضعیف ہے اس پر ظلم نہ کرو ، کسی کا حق غصب نہ کرو چاہے تم کتنے بھی طاقتور ہو .فرمان معصوم نور ہے فرمان معصوم پڑھنے اور سننے سے دل میں نور پیدا ہوتا ہے

انسان کو ھدایت ملتی ہے اللہ کے رسولص کی حدیث ہے کہ اگر کوئی اپنے نبیص کی چالیس حدیثیں یاد کرے گا اور اس پر عمل کرے گااس پر خدا جنت کو واجب کر دیتا ہے . فرمان امام نور ہے دلوں میں نور پیدا ہوتا ہے مولٰی نے کس قدرنورانی فرمان سے ہمیں ھدایت دی کہ کسی کا حق غصب نہ کرو رزق حرام میں برکت نہیں ہے بعض لوگ کہتے ہیں فلاں رشوت لیتا ہے اس کے پاس اتنے گھر ہیں اتنی گاڑیاں ہیں اور آپ کہتے ہیں کہ رزق حرام میں برکت نہیں ہے ہم تو دیکھ رہے ہیں برکت ہی برکت ہے ہم دنیا دیکھ رہے ہیں

برکت سے مراد کیا ہے یہ دنیا کی زندگی زیادہ سے زیادہ اسی ۸۰ یا سو ۱۰۰ سال سے زیادہ انسان دنیا میں نہیں رہتا اب مرنے کے بعد والی زندگی کتنی ہے کیا سو سال ہے کیا ھزار سال ہے کیا ایک لاکھ سال کیا ایک ملین سال ہے؟ نہیں وہ تو ابدی زندگی ہے وہ کروڑوں سالوں سے بھی زیادہ ہے اب اگر ایک انسان حرام کھا رہا ہے اللہ کے رسول نے کہا برکت نہیں ہے حرام کے مال میں کیوں

کہ جو بھی عبادت کر رہا ہے وہ آخرت میں نہیں جا رہی ہے نماز پڑھ رہا ہے وہاں کچھ نہیں ہو رہا ہے روزہ رکھے خیرات دے اس کا کوئی اجر نہیں ہے کیوں کہ رزق حرام ہے اس لئے کہا رزق حرام میں کوئی برکت نہیں اور اگر مال چھوڑ کر مرتا ہے تو اس سے بھی آتش جھنم کے سواء کچھ نہیں ملتا ، مولیٰ علیؑ نے فرمایا یہ فکر باطل ہے کہ حرام کھا کر مسجد بناو کسی پر ظلم کر کے حج پر چلے جاو عبادت قبول نہیں جاہل عبادت کرنا چاہتا ہے الٹا گناہ کرتا ہے امام جعفر صادق ع کو لوگوں نے بتایا کہ ایک بہت بڑا اللہ والا شہر میں آگیا ہے امام نے کہا چلو ہم بھی اس اللہ والے کو دیکھتے ہیں امام اس اللہ والے کے پیچھے گئے دیکھا ایک دکان کے پیچھے چھپ کے کھڑا ہوگیا ہے دو انار چوری کئے پھر آگئے بڑھا نانوائی کی دکان میں کھڑا ہوا وہاں سے دو روٹیاں چرائیں اور چلا گیا غریب محلہ میں وہاں کچھ بھوکے لوگ تھے جا کے ان کو روٹیاں بھی دیں انار بھی دیئے امام نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا فرمایا تونے یہ کیا کیاوہاں سے دو انار چوری کئے ادھر سے دو روٹیاں چوری کیں اور آکر غریبوں کو دیا وہ بھی حرام. تو امام - سے کہنے لگا آپ قرآن مجید سے جاہل ہیں جاہل خود ہے اپنے زمانہ کے امام سے کہہ رہا ہے آپ قرآن مجید سے جاہل ہیں آپ نے قرآن کی آیت نہیں پڑھی امام نے کہا کون سی آیت کہا قرآن کی آیت کہہ رہی ہے ایک گناہ کرو گے تو اس کی سزا ایک ہے اور ایک نیکی کرو گے تو اس کی جزا دس ہے میں نے دو گناہ کئے اور میں نے نیکیاں کیں، تو بیس تو میری نیکیاں ہو گئیں اور دو گناہ مائنس کرو تو اٹھارہ نیکیاں میری پھر بھی ہیں . جہالت یہی ہے کہہ رہا ہے میں نیکی کر رہا ہوں جب کہ عین گناہ کر رہا ہے اور امام سے کہہ رہا ہے آپ جاہل ہیں آپ نے قرآن نہیں پڑھا امام نے کہا اچھا تونے کیا یہ قرآن کی آیت نہیں پڑھی ''انما یتقبل اللہ من المتقین'' خدا اس کے عمل کو قبول کرتا ہے جو متقی ہو تو تو چور ہے تیرا عمل کیسے قبول ہوگا آج معاشرہ میں یہی مشکل ہے دو طرح کے جاہل ہیں ایک جاہل وہ جس کو یہ احساس ہے کہ میں جاہل ہوں ایک جاہل وہ جو ضدی ہے جو جاہل بھی ہے اور زمانہ کے امام کو کہہ رہا ہے آپ جاہل ہیں لیکن جاہل ضدی کے لئے ھدایت کے دروازے بند ہیں یہ خود بھی گمراہ اور دوسروں کو بھی گمراہ کر رہا ہے . ہمارے معاشرہ میں امر بالمعروف اگر ختم ہو جائے تو ہمارے یہاں بھی شراب پینا عام ہو جائے گا لوگ شراب پینا گناہ نہیں سمجھیں گے آج عیسائی شراب پینا گناہ نہیں سمجھتے کیوں کہ امر بالمعروف ختم ہو گیا ہے . یہ کربلا والوں کا احسان ہے آج اسلام کے خلاف سازش ہو رہی ہے

آج یہودی ایجنٹ سب سے زیادہ خوفزدہ شیعیان حیدرکرار سے ہیں کئی مرتبہ انھوں نے اظہار کیا کہ لبنان میں پوری زمین شیعوں کی نہیں ہے حکومت شیعوں کی نہیں ہے فقط ایک حصہ شیعوں کا ہے بیس بیس سال سے قبضہ اسرائیلیوں کا ہے لیکن شیعیان حیدرکرار نے اپنی زمین سے ایک ایک یہودی کو باہر نکال دیا یہ لوگ خوفزدہ ہیں عزاداری کو ڈسٹرپ کرنا چاہتے ہیں

کہ شیعوں کے پاس جو جراءت ہے شجاعت ہے وہ عزاداری حسینؑ سے ہے لہذا بیرونی سازشیں کی ہیں اندرونی سازشیں کی ہیں اندر گھس کر بھی کچھ لوگ عزاداری کے مقصد کو ختم کرنا چاہتے ہیں عزاداری حسینؑ کا مقصد کیا ہے امام حسینؑ کے دو طرح کے قاتل ہیں صرف شمر قاتل نہیں، شمر امام حسینؑ کے سر کا قاتل ہے آج بھی امام حسینؑ کے قاتل موجود ہیں جو امام حسینؑ کے سر کے نہیں امام حسینؑ کے مقصد کے قاتل ہیں انہیں پہچانیئے سر کا قاتل اتنا خطرناک نہیں جتنا وہ قاتل ہے جو مقصد حسینؑ کا قاتل ہے مقصد امام حسینؑ کیا تھا یہ مقصد نہیں کہ ہم روئیں ماتم کریں نہیں یہ خود ہمارے لئے نجات ہے امام حسینؑ پر کوئی احسان نہیں امام حسینؑ کا مقصد یہ نہیں تھا کہ میں شہید ہو جاوں اور قیامت تک لوگ روئیں اور ماتم کرتے رہیں یہ تو اپنی محبت کا اظہار ہے مقصد حسینؑ کیا تھا کربلا میں آکر مولیٰ حسینؑ نے بتایا کہ میرا مقصد کتنا عظیم ہے علی اکبر کی جوانی رہے یا نہ رہے لیکن میرا مقصد زندہ رہے علی اصغر کی مسکراہٹ رہے یا نہ رہے مگر میرا مقصد زندہ رہے عباس کے بازو رہیں یا نہ رہیں مگر میرا مقصد زندہ رہے

اور وہی وعدہ سکینہ نے کیا بابا تماچے کھاوں گی لیکن تمہارے مقصد کو ذرہ برابر نقصان نہ ہونے دوں گی اور وہی وعدہ بی بی زینب کا تھا بھیا حسین تازیانے کھاوں گی مگر تیرے مقصد کو نقصان نہ پہنچنے دوں گی آج عزاداری کے نام پر مقصد عزاداری اور مقصد حسینؑ کو نابود کرنے کی سازش ہے مقصد حسینؑ کیا ہے ہر زیارت میں ہے ہر ایک امام کی زیارت میں ہے ''اشھد انک قد اقمت الصلواۃ و آتیت الزکاۃ'' حسینؑ کا پہلا مقصد یہ تھا کے نماز قائم ہو جائے یہ وارث حسینؑ نے کہا لوگ پوری رات عزاداری کرتے ہیں لیکن نماز کی مخالفت کرتے ہیں فجر کے وقت سو جاتے ہیں یہ ہیں حسینؑ کے قاتل نوجوانوں کو بہکا رہے ہیں وارث حسینؑ کہہ رہا ہے کہ میرے بابا کا مقصد کیا تھا ''اشھد انک قد اقمت الصلواۃ و آتیت الزکاۃ'' نماز قائم ہو جائے یہاں تک کہ عزاداروں کو گمراہ کیا جا رہا ہے عزاداری کے نام سے کہ نماز کی کوئی ضرورت نہیں ہے بس عزادری کرو جنت میں چلے جاو گے. یہ ہیں مقصد حسینؑ کے قاتل یہ ہیں قرآن کے خلاف یہ ہیں اپنے امام کے خلاف امام خود کہہ رہے ہیں قرآن کہہ رہا ہے (اقیموا الصلواۃ و لا تکونوا من المشرکین) یہ قرآن کی آیت ہے

اگر کوئی نماز نہیں پڑھ رہا ہے تو وہ مشرک ہے تمام علماء کا فیصلہ تمام مجتہدین کا فیصلہ جو منکر نماز ہے وہ نجس ہے اس کے ہاتھ کا کھانا پینا حرام ہے

کیوں کہ جو منکر نماز ہے کیوں کہ نماز کا حکم دینے والا کون ہے اللہ ، اللہ کے بعد نبیص ہیں نبی کے بعد علیع ہیں لہذا منکر نماز منکر نبی ہے نجس ہے مشرک ہے اس کے ہاتھ کا کھانا پینا جائز نہیں ہے عزاداری کے ذریعے سے عزاداری کو بد نام کرنا چاہتے ہیں، سوال کیا گیا کہ بکرا کاٹ کے خون ملنا کس روایت میں ہے تو کہتے ہیں امام حسینع نے علی اصغر کا خون اپنے منھ پہ نہیں ملا تھا استغفراللہ یعنی علی اصغر کو نسبت دے رہے ہیں بکرے کے ساتھ. اس سے بڑھ کے توہین کیا ہوگی کہ علی اصغر معصوم حسینع کے بیٹے کو ایک معمولی سے بکرے سے نسبت دی جا رہی ہے یہ ہیں جاہل جو سمجھ رہے ہیں عبادت کر رہے ہیں یا توہین کر رہے ہیں کہ اس لئے امام حسینع نے خون ملا تھا تو ہم بکرا ذبح کر کے اس کا خون ملتے ہیں اچھا علی اصغر کو تو شمر نے تیر مارا تھا اس بکرے کو کس شمر نے تیر مارا ہے یہ ہیں جاہل جو اپنی ہر مرضی کو دین کا نام دے رہے ہیں نہ آیت ہے نہ دلیل یہ مذہب اہل بیتع ،اسلام ،دین عقل ہے دین فطرت ہے یہ چاہ رہے ہیں دین عقل کو دین جاہل بنائیں اسلام پر ضرب مارنا چاہتے ہیں واجب ہے امر بالمعروف کرنا ورنہ آج بکرہ ذبح کررہے ہیں کل کتا ذبح کریں گے اور یہاں تک بتایا گیا کہ بعض عیسائیوں سے ذبح کرواتے ہیں مسلمان بھی نہیں اور بعض اوقات قبلہ کی طرف رخ بھی نہیں ہوتا اور ذبح کرواتے ہیں بکرہ ، لہذا واجب ہے ہر عالم پر ہر مومن پر ہر بدعت کا مقابلہ کرو ورنہ کل وہی بدعت مانند شراب مسجدوں میں آجائے گی جیسے عیسائیوں کے یہاں ہوگیا جو انسان اپنی ہر مرضی کو دین سمجھے وہ شیطان کی پیروی کر رہا ہے شیطان نے بھی وہی کہا تھا کہ پروردگار میں آگ سے بنا ہوں وہ مٹی سے بنا ہے میں کیوں سجدہ کروں خارجی کون تھے خارجی پہلے علیع کے ماننے والے تھے مگر جب انہوں نے دیکھا کہ مولیٰ علیع ہماری مرضی سے نہیں چلتے تو مولی پر تلوار نکالی مولیٰ کے قاتل خوارج ہیں یہ خود کو عقل کل کہہ رہے تھے مومن وہ ہے جو قرآن کے سامنے تسلیم ہو جائے مومن وہ ہے جو حدیث کے سامنے تسلیم ہو جائے مومن وہ ہے جو امام کے سامنے تسلیم ہو جائے دین میں جو اپنی مرضی چلائے وہ ابن ملجم ہے وہ مومن نہیں وہ خارجی ہے

دین کی شکل بگاڑی جا رہی ہے مذہب کا مذاق اڑایا جا رہا ہے مولیٰ علی رضع کے زمانہ میں بھی ہر زمانہ میں ایسے خارجی لوگ رہے ہیں. امام کے قریبی پانچ لوگ تھے جو ہارون رشید کے جیل میں گئے . جہاد کیا مومن تھے لیکن کیسے مومن اپنی مرضی کو دین سمجھنا ، میرا عمل جو ہے وہ صحیح ہے، میں چاہے بکرہ کا خون لگاؤں یا کتے کا خون لگاؤں میں شریعت بنانے والا ہوں ،

جب مولیٰ رضع نے مامون رشید کی ولی عہدی کو مجبوراً قبول کیا تو یہی لوگ تھے جنھوں نے دو مرتبہ امام پر قاتلانہ حملہ کیا شیعہ تھے کہا امام نے اس ظالم کی ولی عہدی کو کیوں قبول کیا یعنی خود کو امام سے بھی عالم سمجھتے تھے

آج جو مجتہدین کی بات نہیں مانتے قرآن کی بات نہیں مانتے جو خود کو عقل کل کہتے ہیں اور پوری قوم کو گمراہ کرتے ہیں ہم قرآن کو مانتے ہیں شریعت کوبدلنے والا کبھی بھی مومن نہیں ہو سکتا ہم وہاں سر جھکاتے ہیں جہاں آیت قرآن ہو یا فرمان معصوم ہوجو لوگ بکرہ کا خون لگاتے ہیں وہ قرآن کی کوئی آیت یا معصوم کا فرمان دکھائیں . لہذا اگر بدعت کی مخالفت نہ کی جائے تو آنے والی نسلیں چھوٹے بچے جب دیکھیں گے امام بارگاہوں میں خون ملا جا رہا ہے کہیں گے یہ بھی کوئی سنت ہے کوئی آیت ہے اور دوسری گمراہی کہ امام حسینؑ نے علی اصغر کا خون ملا تھا علی اصغر کو بکرہ سے نسبت دینے والا شیعہ نہیں ہو سکتا وہ دشمن عزادار ہے شریعت سے نا واقف ہے کیوں کہ جنگ کے احکام اور ہوتے ہیں سفر کے احکام اور ہوتے ہیں ہر احکام مختلف ہوتے ہیں جو اس طرح سے اسلام کو بگاڑنا چاہتے ہیں عزاداری کو بگاڑنا چاہتے ہیں عزاداری کے نام سے مقصد عزاداری کو بگاڑنا چاہتے ہیں .

اس طرح کا گروہ انگلینڈ میں بھی داخل ہوا تھا نوجوانوں کو ہیروئن بھی پلا رہا تھانشہ بھی کروارہا تھا مولی علیؑ کے نام سے، حالانکہ کفرستان تھا لیکن وہاں کے مومنین نے ہمت کی ایسے گندے افراد کو امام بارگاہوں سے نکال دیا اور تمام مجتہدین کی فتوائیں لائے کہ ان کا شیعوں سے کوئی تعلق نہیں ہے نجس ہیں ان کے ہاتھ کا نذر و نیاز کھانا بھی صحیح نہیں ہے جو منکر نمازہو جو مجتہدین پر لعنت بھیجے جونائب امام پر لعنت بھیج رہا ہے کیا وہ عاقل انسان ہو سکتا ہے اور ان لوگوں کو پہچاننا ہے تو ان کا ایک اصول ہے ان کا گروہ آمریکا کے خلاف ایک آواز بلند کرتے ہوئے نظر نہیں آئے گا ، اسرائیل کے خلاف ایک نعرہ بلند کرتا ہوا نظر نہیں آئے گا اب اس سے خود اندازہ لگائیں کہ مقصد حسینؑ تو یہ ہے کہ وقت کے یزیدوں کے خلاف آواز بلند کرو کبھی بھی یہ وقت کے یزیدوں کے خلاف آواز بلند کرتے ہوے نظر نہ آئیں گے تو سمجھ لیں کہ یہ کون لوگ ہیں البتہ وہی سب نہیں، بعض لوگ سمجھتے ہیں عزاداری ہے ان کو کیا پتہ وہ جاہل ہیں نادان ہیں ان سے دور ہو جائیں ان میں چند افراد واقعاً ایجنٹ ہیں مانند خوارج ضدی ہیں مولی علیؑ نے فرمایا دو افراد نے میری کمر توڑی ہے ایک جاہل ضدی ایک عالم بے عمل جو دیکھ رہا ہو خلاف شریعت عمل ہورہا ہے بدعت ہو رہی ہے مگر اس ڈر سے کہ مجھے گالیاں پڑیں گی مجھ پر حملہ ہو گاسلام اس مومن پر جس نے امر بالمعروف کیا، اور اس پر قاتلانہ انھوں نے حملہ بھی کیا، اخبار میں آچکا ہے. لہذا یہاں خاموش ہونا حرام ہے مقصد حسینؑ کے خلاف ہے کوئی بدعت اگر عزاداری میں آرہی ہے وہ سازش ہے وہ عزاداری کی شکل کو بگاڑنا چاہتے ہیں اس پاک مذہب کو نجس کرنا چاہتے ہیں لہذا اجازت نہ دیں البتہ امن کے دائرے میں، صبر کے دائرے میں، جو بھی زیادتی کرے ان کا مقصد فتنہ ہوگا فتنہ سے ہاتھ نہ لگائیں یہ لوگ چاہتے ہیں فتنہ ہو لیکن ہمیں صبر سے کام لینا ہے دلیل سے کام لینا ہے فتنہ و فساد وہ کرتا ہے جو جاہل ہو اس کے پاس قرآن کی دلیل

نہ ہو اہل بیت کا علم نہ ہو الحمدللہ ہم علیع کے ماننے والے ہیں ہم امام زمانہ عج کے ماننے والے ہیں ہمارے پاس قرآن بھی ہے اور اہل بیت ؑکا فرمان بھی ہے لہذا ان فتنہ کرنے والوں کو اجازت نہ دیں کہ عزاداری کے تقدس کو پامال کریں مجلسوں کا تقدس پامال کریں ''الفتنۃ اشد من القتل'' فتنہ قتل سے بڑا گناہ ہے عزاداری میں احترام سے چلنا ہے مجلس میں احترام سے آنا ہے اگر کوئی برا بھلا کہے کوئی بات نہیں ، اگر کوئی مجلس میں کسی کو مار دے تو جواب نہ دیں کس کے احترام میں بی بی فاطمہ کے احترام میں

مجلس ۶

بسم اللہ الرحمن الر حیم

فقد قال اللہ تبا رک و تعالی فی کتا بہ المجید

(الذ ین یتبعو ن الرسول النبی الامی الذی یجدو نہ مکتو با عندہ م فی التوراۃ و الانجیل)

قر آن کر یم سر کار حضرت محمدص کازندہ معجزہ ہے اورقرآن کی ہر آ یت معجزہ ہے مختلف زمانوں میں مختلف آ یتو ں کے معجزات انسان کے سا منے آئے اور اسلا م جوآ ج انسان کے سامنے نظر آرہا ہے وہ قرآن کی عظمت کی وجہ سے ہے یا اہل بیت ؑکی عظمت کی وجہ سے ہے جب بھی اسلا م پر بر اوقت پڑا تو اہل بیت ؑنے قر با نیاں دی ہیں جہا ں جا ن دینے کی قر با نی آ ئی تو اھل بیت ؑمیدا ن میں آ ئے جہا ن مباہلہ کی ضرورت پڑی تواہل بیت ہی سامنے آئے اور جہا ں مناظرہ کی ضرورت پڑی تو اہل بیت ؑسامنے آ ئے

تار یخ میں ملتا ہے کہ ایک بہت بڑا عیسا ئی عالم جو منا ظرہ میں بہت خطر نا ک حدتک ما ہرتھا تو اس نے آکرلو گوں کو گمر اہ کر نا شروع کیاوہ لو گو ں سے پوچھتاتھاے مسلما نوں تم کیا حضرت عیسیٰ کو نبی ما نتے ہو تو ظا ہر ہے کون کہے گا کہ حضرت عیسیٰ کو نہیں ما نتا حضرت عیسیٰ اللہ کے نبی ہیں قابل احترام ہیں

تو لو گ کہتے تھے ہا ں ہم عیسیٰ کوما نتے ہیں تو وہ پلٹ کر کہتاتھاگمر ہم عیسا ئی تمہا رے نبی کو نہیں ما نتے ہیں کہتاتھااب بتا ؤ کونسا نبی بڑا ہے جس کودو نوں فرقہ مانیں یاجس کو فقط ایک فر قہ مانے تومسلما ن یہاں پرچپ ہوجا تے تھے اب جب لو گوں نے ا س طر ح سے سناتو گمر اہی بڑھ گئی

تو اس زما نے کا با دشا ہ مجبو ر ہواکہ وہ وارث قرآن کے در پر آ کر جھکے اور اس نے کہاے مو لاایک عیسا ئی ہے جو اسکے سو ال کاکوئی جو اب نہیں د ے سکتا ہے آپ تشریف لے آئیے اما م وقت تشریف لے آئے تو عیسا ئی نے ا سی طر ح سے سو ال کیا کہ کیا آ پ حضرت عیسیٰ کو ما نتے ہیں اب عالم لوگ جوتھے وہ علم غیب نہیں رکھتے تھے تو وہ فوراًکہتے تھے ہاں ہم ما نتے ہیں مگر امام وہ ہوتا ہے جو دلوں کے را زکو جا نتا ہے جب اس نے سوال کیاتو امام سمجھ گئے تو امام نے فر ما یا میں اس عیسیٰ کو نبی مانتا ہوں جس نے حضرت محمدمصطفی ص کے آ نے کی خبر دی ہے اگر اس کے علا وہ کو ئی اور ہے تو میں اس کو نہیں ما نتا ہوں اب فقط ایک ہی حملہ میں با طل کاغرورمٹ گیا ا ور وہ عیسا ئی شکست کھاگی. اس قصہ کا مقصدیہ ہے کہ ہر زما نے میں اھل بیت ؑ نے اسلا م کو بچایا ہے ا ھل بیت ؑکے گھر انہ نے قربا نیاں دیں ہیں اسلا م کی آج جو عظمت ہے وہ قرآن کی وجہ سے ہے

یا محمد اور آل محمد کیوجہ سے ہے اور اسلا م ہر زمانے میں تھا آ دم کے زمانے میں بھی اسلام تھا حضرت ابراہیم کے زمانے میں بھی اسلام تھا آپ نے توریت اور انجیل سے پڑھا کہ عیسا ئیوں کو نہیں معلو م کہ توریت اور انجیل میں شر اب حرام ہے ، سور توریت میں حرام ہے،

زا نی کو سنگسا ر کرنا تو ریت میں بھی مو جو د ہے ا ور انجیل میں بھی مو جود ہے سجدہ کے بارے میں بھی مو جو د ہے کہ تمام بزر گ انبیا نے سجد ہ کیا ہے مگر عیسا ئیوں کی کسی عبا د ت میں سجدہ مو جو د نہیں ہے عیسائی جو بڑھ رہے ہیں اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ا ن کا زور میڈیا پر ہے اور دوسرا ان کا کنٹر و ل اقتصادیات پر ہے یور پ ،امریکا میں اسلا م کے خلاف ہنسی مذاق اڑانے کے لئے ایک بہت بڑا موضو ع ہے وہ یہ ہے کہ اسلام نے چار شادیاں کر نے کی اجا زت دی ہے اور اسلا م نے یہ اجازت دے کر عورتوں پر بہت بڑا ظلم کیا ہے

ایک زمانہ میں ہم لنڈن میں تھے مولانا امیر حسین نقوی صاحب مرحوم خدا درجات بلند کرے ڈاکٹر محمد علی شہید کے والدکے بعد ریزیڈٹ عالم وہ پاکستا ن چلے گئے تھے انھو ں نے مجھے ادارہ جعفریہ لنڈن میں یہ فریضہ انجام دینے پر مامور کیا تو ایک میت ہوگئی میں اکیلا تھا اکثر وہاں ایک دو ڈاکٹر تھے بیچارے وہ ساتھ دینے کے لئے آجا تے تھے اب ایک اور میت ہوگئی بیٹے سے کہہ رہا ہوں کہ بھئی میں اکیلا کیسے غسل دوں گا آجا و میری مدد کرو تو وہ ناراض ہورہاہے کہ جناب میں پھر غسل دوں یعنی باپ کو غسل دینا بے عزتی سمجھ رہا تھا ایسی ہزاروں مثالیں ہیں رزق حرام اگر آپ نے اولاد کو کھلادیا توزندگی میں ممکن ہے صالح رہیں مگر اصل صالح کون ہیں

اللہ کے رسول ص فرماتے ہیں دوطرح سے اولاد عاق ہوجا تی ہے ایک وہ جو زندگی میں گستاخی کرے باپ کو ماں کو اذیت دے دوسرے وہ جو مرنے کے بعد نہ ماں،نہ باپ کسی کے حقوق ادا نہیں کرے ، نہ ان کی قضا نمازپڑھے اور نہ پڑھائیں نہ ان کے قضا روزے رکھیں نہ رکھوائیں یہ بھی عاق ہوجا تے ہیں یعنی باپ کا حق مرنے کے بعد بھی ہے ان کی نمازیں ہیں ان کے روزے ہیں ان کے

حج ہیں اگر قضا ہیں تو یہ رزق حرام کا نتیجہ ہے کہ اولاد برباد ہوجا تی ہے اولاد برباد ہوگئی آخرت برباد ہوگئی پیسہ تو یہاں رہ جائے گا اور حدیث نے کہا کہ جتنا حرام کا پیسہ چھوڑکر مروگے اتنی جہنم کی آگ اور بڑھتی رہے گی .

ایک شخص نے اللہ کے رسول ص سے کہا میں تاجر ہوں شراب بیچتا ہوں اب میں چاہ رہا ہوں کہ جو پیسہ میں نے کمایا ہے اس سے حج کروں غریبوں کو دو ں یتیموں کو دوں یتیم خا نہ بناوں مسجدیں بنا وں اس طرح کے خیر کے کام کروں مگر میرا کاروبار شراب بیچنا ہے اللہ کے رسو ل نے کہا سن اور دوسرے مسلما ن بھی سن لیں تو ساری رقم اللہ کی راہ میں لٹا لے جو کرنا ہے کرلے مگر خدا تجھے مچھر کے پر کے برابر بھی ثواب نہیں دے گا تیرا رزق حرام ہے آپ نے پڑھا کہ تنکااگر کسی کی ٹوکری کا بغیر اجازت کے توڑدیاجائے تو نہیں معلوم کتنے سالوں تک انسان جہنم میں جلتا ہے

وہاں ذرہ ذرہ کا حساب ہے آج لوگ ما ل ہڑ پ کر کھا جاتے ہیں پتہ بھی نہیں چلتا ،

واقعا اگر خدا کرم نہ کرے اگرخدا ستار نہ ہوتا تو حرام کھا نے کی وجہ سے آج ہماری شکلیں بگڑچکی ہوتیں کتنی قوموں پر عذاب آیا یہ تو سرکارمحمد مصطفیٰص ہمارے نبی سے خدانے وعدہ کیا تھا کہ تمہاری امت کی شکلوں کو نہیں بدلوں گا "وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین" اولاد آخرت کے لئے بھی سرمایہ ہے بہترین انویسٹ مینٹ ہے کہ حدیث ہے مرنے کے بعد تمہارے اعمال نامہ کی کتاب بند ہوجائے گی

اب نہ روزہ، نہ نماز نہ حج نہ عزادار ی ، لیکن تین کام کرکے مر و تو تمہارا اعمال نامہ قیامت تک بند نہیں ہوگا ان میں پہلا کام اولاد صالح ہے اگر اولاد صالح ہے تم مرگئے تو وہ تمہاری نماز پڑھتا رہے گا تمہار ی طرف سے حج کرتارہے گا تمہاری طرف سے زیارت کرتا رہے گا ہرروز تمہیں جزء قرآن بخشتا رہے گا ہرروز تمہارے لئے دعا ئے کمیل پڑھتا رہے گا اس قدر اولاد صالح کا اجر و ثواب ہے مگر اولاد صالح رزق حرام کھانے سے بن سکتی ہے ناممکن ہے غذا کا اثرہے دوسری چیز جو ہمیشہ باقی رہنے والی ہے وہ اچھی کتاب ہے تیسری مسجد، مدرسہ ، ہسپتال یہ چیزیں ایک واقعہ سنیے تاکہ ہم عبرت حاصل کریں کہ اصل مومنین کون تھے نام سنا ہوگا یقیناہمارے علماء میں بے انتہا صاحب کرامت ایک شخصیت گذری ہے حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ مقدس اردبیلی ان کی کتاب اردو میں بھی ہے یہ وہ شخصیت ہیں اور حضرت آیۃ اللہ سیدبن طاوس کہ ایک بہت بڑے عالم گذرے ہیں صاحب تفسیر المیز ان کے بھا ئی وہ علماء کی روحو ں کو بلاتے تھے یہ بھی علم ہے بہرحال لیکن یہ کہتے ہیں کہ جب میں نے کوشش کی کہ مقدس اردبیلی کی روح کو بلاو ں کوئی مسئلہ پوچھو ں یاسید ابن طاوس کی روح کو بلاوں کہا میں نے سارے علماء کی روحوں کو بلایا علامہ مجلسی ، شیخ انصار ی ،سب سے

میں نے مسئلے پوچھے آپ کی کتاب کا یہ مسئلہ مجھے سمجھ میں نہیں آتا انہوں نے بتایا اس سے مراد یہ ہے کہا مگر دو علماء کو میں نہیں بلاسکا ایک آیۃ العظمیٰ مقدس اردبیلی اور ایک حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ سید ابن طاوس پوچھا کیوں کہا جب بھی میں ان کو بلانا چاہا تو فرشتوں نے حکم دیا ہمیں طاقت نہیں ہمیں مجال نہیں کہ ان بزرگوں کو ہم آپ کی خدمت میں لے آئیں کیوں کہ یہ دونوں ہمیشہ مولا علی - ع کے ساتھ ہوتے ہیں ایک دائیں ہوتا ہے ایک بائیں ہوتاہے یہ ہے عظیم شخصیت اصلاً ایسے دوعلماء تاریخ میں نہیں ملتے امام خمینی بھی آیۃ العظمیٰ سید ابن طاوس کے عاشق تھے دونوں کا بہت بڑا مقام ہے

مقدس اردبیلی کیسے مقدس اردبیلی بنے کہ آدھی رات کو جب نجف میں مولا علی - ع کے روضہ پر جا کے کہتے تھے السلام علیک یا مولا ، تو دروازے کھل جاتے تھے ضریح سے آواز آتی تھی و علیک السلام . یہ مقام ہے اتنابڑا مقام کیسے ملا ان کے باپ کون تھے اور ان کی ماں کون تھیں آپ سن کے حیران ہوگئے مقدس اردبیلی کے باپ عالم نہیں تھے پانی بھر کر بیچنے والا ایک بہشتی تھا اب کیوں اتنا بڑا عالم خدا نے دیا ؟ مقدس اردبیلی کا باپ بہشتی تھاپانی بھر کر بیچتا تھا دریا پہ گیا پانی لینے ادھر سے پانی کے ساتھ ایک سیب آرہا تھا بہتا ہوا اب سیب اٹھا یا متوجہ نہ رہا اس وقت سیب کھا لیا پھر سوچا ارے کس کا سیب تھا بغیر اجازت کے میں نے سیب کھا لیا کل قیامت کے دن کیسے حساب دوں گا اب پانی بھرنا بھول گیا اب جہاں سے پانی آرہا ہے پیچھے پیچھے دریا کے جا رہا ہے نہیں معلوم ایک دو میل ، کہا مجھ سے کیوں غلطی ہوگئی میں نے سیب کیوں کھا یا میرا تو نہیں تھا آخر پہنچے دیکھا ایک باغ ہے وہاں سے باغبان سیب صاف کررہا ہے وہیں سے سیب گرگیا ہوگا . کہا بھائی سلام علیکم وعلیکم السلام کہا مجھ سے بہت خطا ہوگئی کیا ہوگیا،

کہا آپ یہاں سیب توڑ رہے ہیں غلطی سے آپ کا سیب بہتا ہوا آگے چلا گیا اورمیں نے کھا لیا لہذا رقم لینی ہے تو لے لیں یا معاف کرنا ہے تومعاف کرلیں کہا نہیں رقم نہیں لیں گے مگر معاف بھی نہیں کریں گے کہا کیوں پھر مجھے قیامت میں حساب دینا ہوگامیرے ذمہ ہے میں اداکرنا چاہتا ہوں اگر آپ رقم نہیں تو جتنی مزدوری مجھے کرانی ہے میں آپ کے باغ میں مزدوری کروں کہا نہیں پھر بھی معاف نہیں کروں گامقدس اردبیلی کے والد نے کہا جوبھی کہئے مگر مجھ سے بس ایک حرام ہوگیا

اللہ کے واسطے مجھے بخش دے سب کروں گا کہا ایک شرط پر معاف کروں گاکہا کیا شرط ہے کہامیری ایک بیٹی ہے اندھی بھی ہے گونگی بھی ہے گنجی بھی ہے لولی بھی ہے اس سے شادی کرو تو پھر معاف کروں گا اب جوان ہے مقدس اردبیلی کا باپ تمام تصور کروباپ کہہ رہا ہے گنجی ہے اندھی ہے لولی ہے اورگونگی ہے اگر اس سے شادی کرلے تو معاف کردوں گااب مقدس اردبیلی کے باپ نے سر جھکا دیا کہ پروردگار خطا ہوگئی اب اگر یہ معاف نہیں کرے گا توتو بھی معاف نہیں کرے گاتو عادل ہے مال اس کا ہے اب

جو خطا ہوگئی نبھانا پڑے گا کہا مجھے منظور ہے اس کے علاوہ اگر آپ کوئی چیز کہتے، میں ہر چیز کو انجام دینے والا ہوں کہا نہیں فقط اس شرط ہے معاف کروں گا اب بتائیے کس قدر یہ انسان متقی ہے اندازہ لگائیے یہ نہیں کہ عالم ہو اصل خدا نیت دیکھتا ہے طہارت دیکھتا ہے عالم ہو یا غیر عالم اس قدر تقوی کہ خدا مجھے عذاب نہ کرے میں نے ایک حرام کام کرلیا بغیر اجازت کے سیب کھا لیا لہذا اندھی سے شادی کرنے کے لئے تیار گونگی بھی سر کی گنجی لولی لنگڑی اب نکاح ہوگیا مقدس اردبیلی کے باپ جو دلہن کے پاس گئے تو دیکھا خوبصورت بال ہیں آنکھیں بھی ہیں بات بھی کررہی ہے لولی بھی نہیں ہے تو کہا غلطی سے یہ کوئی اور جگہ ہے واپس چلا گیا سسر سے کہا بھائی آپ نے کہا میری بیٹی گنجی تھی اس کے تو بال ہیں کہا اس لئے کہا تھا کہ گنجی ہے کہ اس کا سر کبھی نامحرم نے نہیں دیکھا ایسے نہیں بنتا مقدس اردبیلی سارے حرام کام کرتے رہے سرننگے پھرے اور بیٹا مقدس بنے کہا میری بیٹی کے کبھی بال کسی نا محرم نے نہیں دیکھے کہا گونگی نہیں ہے کہا ہاں اس لئے کہا تھا گونگی کہ کبھی کسی نامحرم سے بات نہیں کی ہے یہ ہے تقوی کہا آپ نے کہا کہ وہ لولی ہے کہا ہاں کبھی گھر سے باہر اس نے قدم رکھا ہی نہیں ہے جب تقوی کا یہ عالم ہو تو یقینا مقدس اردبیلی بنتے ہیں

کیوں کہا کہ شرابی کو اپنی بیٹی نہ دو تمہاری نسل ختم ہوجائے گی باپ کی بدمعاشی بیوی کی بدمعاشی، باپ کی ، ماں کی شرافتیں منتقل ہوتی ہیں یہ رزق حلال کا اثر ہے جو مقدس اردبیلی بنا دیتا ہے. رزق حرام اس کے بھی اثرات ہیں لہذا اگر کوئی رزق حرام کھا رہاہے وہ اپنی دنیا کو برباد کررہا ہے اور اپنی آخرت کو بھی برباد کررہا ہے .خدا سے دعا کریں کہ اے میرے مالک ہمیں بھی توفیق عطا فرماکہ جیسے مولا علی - ع مقدس سے محبت کرتے تھے اے کاش ہمیں بھی وہ تقوی مل جائے کہ ہم بھی کردار کے اعتبار سے رفتار کے اعتبار سے مولا کے نور نظر بن جائیں تو یقینا ہماری دنیا اور آخرت بدل جائے گی ، پروردگار ہمیں رزق حرام کھانے سے بچا ، پروردگار ہمیں یہ تقوی عطا فرما آخراس بدن کے لئے ہم حرام کریں حرام کھائیں یہ مٹی کے منوں کے نیچے دب جائے گا پیسہ یہاں رہ جائے گا ہمیں اعمال لیکر جانے ہیں ،

اختتام

مجلس ۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فقد قال اللہ تبارک و تعالی فی کتابه الحمید و فر قانه المجید

(یاایها الذین آمنوا اتقوا اللہ و لتنذر نفس ما قدمت لغد و اتقوااللہ ان اللہ خبیراً بما تعلمو ن)

قر آن زندہ معجزہ ہے اور قر آ ن نور خدا ہے اور عالم کفر کے لئے آج بھی چیلینج ہے قرآن کی آیتیں آج بھی عالم کفر کے لئے معجزہ ہیں اور مسلما نو ں کے لئے بھی معجزہ ہیں لیکن ہما ری بد قسمتی ہے ہم نے قرآن کا انتظا م خود ہی مسلمانون کے خلاف کیا

اور اس قرآن کے ذریعے سے ہم نے غیر مسلمانوں کو مسلمان بننے کی کو شش تو بہت کم کی ہے لیکن مسلمانوں کو کا فر اور منافق ثابت کر نے میں اور تفرقہ بازی پیدا کر نے کی ہم نے بہت کو شش کی ہے یہ ایک گہر ی چال تھی جسے مسلما ن نہ سمجھ سکے

امام خمینی رہ کی وصیت ہے اس با ت کو دلائل کے سا تھ سمجھایا گیا ہے ان کا وصیت نامہ آپ لے سکتے ہیں درد بھر ا وصیت نا مہ جو حقائق پر مبنی ہے ایک مصائب کی کہانی ہے کس طرح مسلما نوں کو حقیقی قرآن کے مقاصد سے دور رکھا گیا ہے قرآن ہر زما نہ میں معجزہ ہے

دو معجزے ہر دو ر میں رہے ہیں (ان کنتم فی ریب ممانزلنا علی عبدنا فاتوا بسورۃ من مثله) یہ معجزہ تو قیامت تک کے لئے ہے

اے کا فرو! اے اسلا م کے دشمنو! اگر تمھیں شک ہے کہ یہ اللہ کی کتا ب نہیں ہے تو تم اس قرآن جیسی ایک سو رہ بنا کر کیو ں نہیں دکھاتے ہو اگریہ انسان کا بنا ہوا قرآن ہوتا تو تم سب انسان مل کر فقط اس قر آن جیسا ایک سو رہ بنا کر دکھاؤ

مگر آ ج تک کسی کو طا قت نہیں اور نہ قیا مت تک کو ئی اس کا جواب لا سکتا ہے یہ معجزہ تو مسلسل ہے لیکن کچھ اور معجزے ہیں اور وہ یہ ہے کہ یہ قرآن کی ایک ایک آ یت معجزہ ہے قر آ ن نے کس طرح سے اس ریشین سائنس کے با رے میں ہمیں چودہ سو سال پہلے بتا یا تھا جو خلا میں گیا تھا اور قرآن نے یہ بھی بتا یا کہ جب پہلا انسان وہاں پہنچے گا تو وہ کیا کر ے گا اس کے با رے میں بھی قرآن نے بتایا ہے آج ہم آ پ کو ایک آیت کے بارے میں بتاتے ہیں کہ وہ آ یت اس زما نے کا سا دہ معجزہ ہے

اس زمانے کے بہت بڑے داکٹر، پروفیسر جو عیسائی ہیں انھوں نے تسلیم کیا کہ یہ قرآن کا معجزہ ہے اس قرآن کی آیت میں ارشاد ہوتا ہے

(ثم خلقنا النطفة علقة فخلقنا العلقة مضغة فخلقنا المضغة عظاما فکسونا العظام لحما فتبارک الله احسن الخالقین) اس آیت میں بتایا گیا کہ ہم نے انسان کو کس طرح سے خلق کیا ہے ارشاد ہوا کہ ہم نے نطفہ سے خون بنایا اور ہم نے خون سے لوتھڑا بنایا اور پھر ہم نے خون کے لوتھڑے سے ہم نے ہڈیاں بنائی اور پھر ہم نے ہڈیوں پر گوشت چڑھایا اور آخر میں ہم نے ایک انسان کو بہترین شکل میں پیدا کیا اور اللہ سب سے بہترین خالق ہے یہ آج معجزہ ہے جسے بہت بڑے ڈاکٹر نے تسلیم کیا ہے یہ اس وقت قرآن کا سب سے بڑا معجزہ ہے یہ ڈاکٹر کیتھمور کنیڈا کے شہر ٹورنٹو میں امبرولاجی ڈپارمنٹ کا ہے لیکن اس نے چھوٹی سی کتاب بھی ان آیتوں کے سلسلہ میں نکالی ہے یہ ایک عیسائی کہتا ہے یہ ''امرولاجی'' کا پروفیسر ہے

اس نے کئی کتابیں اس پر لکھی ہیں اس نے ''امرولاجی'' پر کتابیں بھی لکھی ہیں کہ بچہ کس طرح سے ماں کے پیٹ میں پرورش پاتا ہے یہ پروفیسر اس زمانے کا سب سے بڑا مانا ہوا پروفیسر ہے یہ پروفیسر کسی مسلم ملک میں گیا تھا وہاں پر کسی نے اسے قرآن کاایک نسخہ دیا تھا عجیب بات یہ ہے کہ جب اس کی اس آیت پر نظر پڑی تو وہ حیران ہو گیا اور وہ اس اپنی کتاب میں لکھتا ہے کہ واقعا یہ قرآن کی آیت مجھ کو ہلانے کے لئے کافی تھی کہ میں ایک عیسائی پروفیسر ہوں مسلمان نہیں ہوں لیکن اس آیت کو میں دیکھ کر حیران ہو گیا اب پروفیسر کیتھمور یہ کہتا ہے

کہ انیس چالیس سے پہلے اس زمانے میں مایکروسکوپ بنایا نہیں گیا تھا کہ تمام میڈیکل والے میڈیکل سائنس ''امبرولاجی'' والے یعنی وہ لوگ جو بچہ کے متعلق خاص علم رکھتے ہیں وہ کہتا ہے

کہ ہم ''امبرولاجی'' والے جاہل تھے کہ ماں کے پیٹ کے اندر میں بچہ کی پرورش کیسے ہوتی ہے کسی ڈاکٹر کو پہلے معلوم نہیں تھا

کہ انسان کس طرح سے اور کن کن مراحل سے گذرتا ہے کہ انسان کیسے اپنے ماں کے پیٹ کے اندر بنتا ہے جب تک مایکروسکوپ کی مشین نہیں بنی تھی تب تک سائنس بھی جہالت میں تھی غفلت میں تھی اور یہ تصور میں بھی نہیں تھا کہ قرآن ہمیں تصور دے رہا ہے کہ سب سے پہلے نطفہ بنا نطفہ سے خون بنا خون سے گوشت کا لوتھڑا بنا اور گوشت کے لوتھڑے سے ہڈیاں بنیں اور ہڈیوں پر ہم نے گوشت چڑھایا

یعنی سائنس کے پاس اس اسٹیج کے بارے میں کو ئی تصور نہیں تھا جب تک مائیکروسکو پ کی ایجادنہیں ہو ئی تھی تب تک بڑی بڑی مشنریا ں ہمارے پاس نہیں آئیں لیکن کہتا ہے کہ جب مجھے یہ معلو م ہوا کہ یہ مسلمانوں کا کتاب ہے اورچو د ہ سو سال پہلے ان کے نبی پر نا زل ہوا تھا جس وقت نہ میڈ کل سا ئنس کی ترقی تھی اور نہ اس وقت اتنی ریسر چ ہو ئی تھی

لیکن میں واقعاً حیر ان ہو گیا کہ انیس و چالیس دن ریسرچ کے بعد ہمیں معلوم ہو ا کہ وا قعا انسان اسی طرح اسٹیج سے گذر تا ہے وہی چیز قر آن نے چودہ سو سال پہلے بتائی ہے. یہ خود اس سائنسدا ن نے خود اپنی کتا ب میں لکھا ہے یہ میرے لئے حیر ان کن ہے کہ ہم انیس و چا لیس سے پہلے سوچ ہی نہیں سکتے کہ کو ئی ایسی کتا ب جو آ ج سے چو د ہ سو سال پہلے لکھی جائے ا ور ا س میں وہ سا ئنس کے مسئلے حل ہو ں جو انیس و چالیس دن تک ریسرچ ہو ئی ہے ا س کے بعد جاکر سمجھنے میں آ ئے. اس نے آیت کو سمجھنے کی کو شش نہیں کی بلکہ وہ حیر ان ہو گیا ایک اور آیت میں ار شا د ہوا '' یخلق فی بطون امھاتکم'' اے انسان ہم نے تمہیں تمہا رے ما ؤ ں کے پیٹوں میں کس طرح خلق کیا تمہارے ماؤ ں کے پیٹوں میں ہم نے کسطرح سے حفاظت کی ہے '' یخلق فی بطون امھاتکم'' ہم نے کس طرح سے تمہا رے ما ؤں کے پیٹوں کے اندر اس طرح سے محفوظ رکھا ''خلق من بعد خلقہ'' ایک اسٹیج سے نکا ل کر ہم نے تمہیں دوسرے اسٹیج تک پہنچایا اب ایک حیرتنا ک جملہ ''فی ظلمات ثلاث'' ہم نے تمہیں تین اندھیرے پردوں میں محفو ظ ر کھا ہم نے بچہ کی حفا ظت ماں کے پیٹ میں ثلا ثہ   ہم نے تین حجا بوں میں تین اندھیرے پردوں میں انسان کی حفاطت کی ہے یہ قر آن نے چودہ سو سال پہلے بتایا تھاآ پ میڈیکل کی کتا بوں کواٹھا کر دیکھئے کہ جب بچہ اپنی ماں کے پیٹ میں ہو تاہے تو وہ تین حجا ب تین پردوے اس کی حفا ظت کر تے ہیں پہلا وہ پردہ جو پیٹ کی کھال ہے، انگلش میں wall کہلاتا ہے اور د وسر ا وہ پر دہ جو انگلش میں utral wall کہلا تا ہے اور تیسرا وہ پردہ کہلاتاہے یعنی آج چودہ سو سال کے بعد ریسرچ کر کے جہاں پر آج کی سائنس پہنچی ہے

کہ انسان تین حجا بو ں میں محفو ظ ہو تا ہے قر آن نے چودہ سو سال پہلے بتایا اے ا نسان ہم نے تیری تین حجا بو ں میں حفا ظت کی ہے اگر یہ قر آن انسان کا کلام ہو تاتو ممکن نہ تھا کہ آپ کو چودہ سو سال پہلے اس علم میڈیکل کے بارے میں خبر دے یہ چندمجالس ہیں کہ قر آن معجزہ ہے اگر ہم اس معجزہ کو لیکر کافر وں کے سامنے پیش کر یں تو انہیں مسلما ن بنا نا کوئی مشکل کا م نہیں ہے لیکن ہم مشہور ہوگئے ہیں کہ ہم مسلما ن آپس میں ایک دوسرے کو لڑاتے ہیں. ان کا فروں نے ہماری اس فکر کو کس طرح سے بدل دیا ہے مسلما ن کی اس فکر کو کس طرح سے بدلا گیا

عالم کفر نے مل کر یہ ساز ش کی کہ مسلمان رہے مگر اس کی فکر قرآن کی فکر کے مطا بق نہ ہو تو ان پر حکو مت کرنا آسان ہے

ا ن کا خو ن پینا آسا ن ہے ان کو غلا م بنا نا آسا ن ہے ان کے مما لک میں ا پنے ایجنٹو ں کے ذریعے سے حکو مت کر نا آسان ہے حا لا نکہ اما م خمینی رح کا یہ جملہ ہے کہ جتنا امام حسین ۔ مظلوم ہیں اتنا قرآن مظلو م ہے جتنے اہل بیت ؑ مظلو م ہیں

اتنا قرآن بھی مظلوم ہے کیو ں کہ پیغمبر اکرم ص نے یہ فرمایا انی تارک فیکم الثلقین کتاب اللہ وعترتی اهل بیتی...) اے مسلما نو! میں تمہارے در میا ن دو چیزیں چھوڑ کر جارہا ہو ں ایک اللہ کی کتا ب ہے اور دو سرے اہل بیت ہیں او ر لن یفترقا حتی یردا علی حوض یہ جملہ اس با ت پر دلالت کرتا ہے کہ جو ظلم قرآن پر ہو گا وہ ظلم اہل بیت ؑ پرہوگا جو ظلم اہل بیت ؑپر ہو گیا وہ ظلم قر آ ن پرہوگا ۔ کیوں کہ پیغمبر اکرم ص فر ما تے ہیں کہ یہ دو نو ں ایک دو سرے سے الگ نہیں ہوں گے یہاں تک کہ یہ دونوں حو ض کوثر پر میرے پاس آجائیں قرآن اور اہل بیت ؑ الگ نہیں ہو سکتے ہیں آپ نے دیکھا کہ مو لا حسین کے سر کوجب کا ٹاگیا تو مو لا حسین قرآن سے الگ نہ ہوسکے جو جسم تھا وہ کربلا میں قر آ ن پڑھ رہا تھااور جو سر ہے وہ نوک نیزہ پر قرآن پڑھ رہا ہے یعنی قرآن کبھی اہل بیت ؑ سے الگ نہیں ہو تا

اہل بیت ؑ کبھی قر آن سے الگ نہیں ہوتے تواب جو تیر علی اصغر کے گلے پر لگ رہا ہے وہی تیر قرآن کے گلے میں لگا ہے جو ظلم قرآن پر ہوا وہی ظلم اہل بیت ؑ پر ہوا اور جو ظلم اہل بیت ؑپر ہوا وہی ظلم قرآن پر ہوا قرآن پر جا ن کر غیر وں نے بھی ظلم کیا اور اپنو ں نے نا دا نی سے ظلم کیا اب نادا نوں نے اپنے دوست نا دا نوں پر ظلم کیا اور غیر وں نے بھی ظلم کیا قرآن جو وہ نور الھی ہے اس پر کیا ظلم ہوا قرآن کیو ں نازل ہوا ؟ قرآن میں ارشاد ہوا: اے انسانو! یہ قر آن اللہ کی کتاب اس لئے نازل کی گئی ہے کہ ان کے ذریعے سے خدا تجھے زندگی دینا چا ہتا ہے زندگی کا نو ر دینا چاہتا ہے قرآن کے نا زل کر نے کا مقصد کیا ہے

قرآن ہمیں حیات دینا چا ہتا ہے اور کائنات کا کوئی ایسا مسئلہ نہیں ہے جو قرآن میں مو جودنہیں ہوتمہیں اگر حکو مت چلانی ہے تو اس کا مسئلہ قرآن میں موجود ہے ا گر تمہیں اقتصا دی مسائل چاہئیں تواس کے بارے میں قرآن میں موجود ہے (لا رطب ولا یابس الا فی کتا ب مبین) اس قرآن میں ہر خشک و تر کا ذ کر ہے و ہ قرآن جو ہمیں حیات د ینے کے لئے آیا ہے وہ اہل بیت ؑ جو ہمیں زندگی دینے کے لئے آ ئے ا ن پر ہم نے ظلم کیا اب بتائیے قرآن پر کیا ظلم ہوا قرآن اس لئے نا ز ل

ہوا تھا کہ ہماری زندگی قرآن کے مطابق ہو ہم آپ سے سوال کرتے ہیں. کیاآپ کے شہر میں کیا آپ کے شہر کے کالجوں میں قرآن کی حکومت ہے ؟ کیا قرآن اس لئے نازل ہوا تھا کہ قرآن پر ظلم کیا جائے؟

قرآن زندگی کے ہر شعبہ میں رہے قرآن تمہاری زندگی ہے قرآن تمہیں زندگی دے گا قرآن تمہیں زندہ کرے گا قرآن تمہیں ہر ظلم سے نجات دے گا قرآن وہ نسخہ ہے جو ہر مظلوم کو ظالم سے نجات دلانے کے لئے نازل ہوا ہے. کیہ فقط قرآن کی قسم اٹھائی جائے بلکہ قرآن خودکہہ رہا ہے کہ قرآن اس لئے نازل ہوا کہ کوئی ظالم کسی مظلوم کا حق نہ چھین سکے ، کوئی کسی پرظلم نہ کرسکے. لیکن وہ قرآن خود آج کتنا مظلوم ہے اس قرآن کو ہم نے اپنے کالجوں سے نکال دیاآج کے بچے ، جوان کالجوں میں پڑھتے ہیں ان پر قرآن کا کوئی اثر نہیں ہے مغربی تمدن کا اثر ہے یورپ کا اثر ہے مگر قرآن کا کوئی اثر نہیں ہے اگر قرآن کی حکومت یونیورسٹی میں ہوتی تو گولیاں نہیں چلتی ،اگر قرآن ہوتا تو بھائی بھائی کو گولی نہ مارتا، رشوت نہ ہوتی، اگر قرآن ہوتا تو انصاف نہ بکتا، پیسہ والا چاہے توغریب کا حق کھالے، پیسہ والا انسان جو چاہے وہ کرلے، اگر قتل بھی کردے تو پیسہ دے کر خود کو آزاد کرالے . ہم نے اپنے دفتروں سے قرآن کو نکال دیا کورٹوں میں بھی قرآن نہیں ہے یہ ہماری بدبختی ہے یہ نظام ہمارا یہودیوں کا عیسائیوں کاہے جو انگریز نے ہمیں نظام دیا ہے اب بھی وہی نظام چل رہا ہے یعنی پاکستان بنا نام کا، مگر نظام وہی ہے جو انگریز نے دی. کیا ہماری فوج کی تربیت قرآن کے مطابق نہیں کی جاسکتی ہے ان کی تربیت وہی کی جاتی ہے جوپہلے ہوئی تھی جس طرح سے انگریز نے کہا جوتمہارا آفیسر ہو جنرل ہو جوتمہیں حکم دے اس کا حکم ماننا ہے چاہے وہ حکم قرآن کے خلاف ہی کیوں نہ ہو اگر یہ سکھاتے کہ حکم قرآن کے مطابق ہو مگر یہ نہیں سکھایا

اگریہ سکھایا جاتا تو سپاہی برطانیا کے خلاف ہی گولی چلات. تو ہماری ملٹری ٹریننگ میں اصول وہی ہے جو انگریز نے بنا کر گیاکہ جنرل جو بھی کہے چاہے وہ ظلم کا حکم بھی دے. مگر قرآن کہہ رہا ہے نہیں ظالم کا حکم مسلمان نہیں ماں سکتا چاہے وہ جنرل ہو اگر وہ ظلم کا حکم دے رہا ہے تو اس کے بارے میں قرآن فرما رہا ہے نہیں یہ حق نہیں ہے کہ تو بے گناہ کسی پر گولی چلائے اب آپ نے دیکھا کے ہمارے پلیس کی تربیت اسی طرح سے ہوتی ہے جس طرح سے انگریز کے زمانے میں تھی کہ پلیس والے کو پانچ سو روپیہ تنخواہ دے دیا مگر اس کو گھر بار کا خرچہ نہیں ہے مگر اس کے پاس پاور اتنا ہے کہ کسی بھی عزتدار آدمی کو پکڑ کر جیل میں ڈال سکتا ہے اب یقیناً ہاتھ میں بندوق تھمادی اور پانچ سو روپیہ دیئے یعنی کہ لوگوں کو رشوت لینے پر مجبور کیا جارہا ہے اب یہ جو بھی سسٹم ہے اس کو رشوت پرمجبور کیا جا رہا ہے کہ آپ نے دیکھا کہ قرآن کی حکومت کے مطابق نہیں ہے آج کو رٹوں

سے قرآن کو ہم نے نکا ل دیا قر آن کا نظام اس کے نظا م کے مطا بق اگر فیصلہ ہو تا تو مقدمہ میں ہزاروں رو پے د ینے نہیں پڑتے اگر کو ئی ایک لا کھ رو پیہ رکھتا ہے تو بڑے و کیل کا انتخاب کرے گا تو وہ مقدمہ جیت جا ئے گا جس کے پا س پیسے نہیں ہیں وہ ہا ر جا ئے گا آج یہ قرآن کتنا مظلو م ہے

ہر جگہ سے ہم مسلمانوں نے قرآن کو نکا ل دیا حکومت جس کے مطا بق ہو گی وہ قرآن کے مطابق نہیں چلے گی جو حکم امریکی سفیر کا ہو گا وہی پاکستا ن میں نافذ ہو گا کسی شرا بی کا حکم چلے گا مگر قرآن کا حکم نہیں چلے گا حکومت سے ہم نے قرآن کو نکا ل دیا اس سے بڑھ کر قرآن پر کیا ظلم ہو گا کہ ہم نے قر آ ن کو کہاں بھیج دیا قبرستانوں میں جو مر جا ئے اس پر قرآن پڑھیں گے یہ قرآن جو ہر انسا نوں کے لئے مر کز اتحا د ہے کہ جو بھی انسان ہے وہ قرآن کے نا م پر متحد ہو جا ئیں وہ قرآن جو خصوصا مسلمانوں کو کہہ ر ہا ہے "(و اعتصموا بحبل الله جميعاً و لا تفرقوا)" دیکھو اے مسلما نو! متحد ہو جاؤ آپس میں تفرقہ نہ ڈا لو آج اسی قرآن کو تفرقہ بازی کے لئے استعما ل کیا جاتا ہے آج شیعہ سنی کے خلاف پڑھتا ہے تو قرآن سے پڑھتا ہے سنی اگر شیعہ پر پڑھتا ہے تو قر آن سے پڑھتا ہے الٹا کام ہو ر ہا ہے قرآن ہے زندوں کے لئے ہے. ہم نے اس قر آ ن کو مر دوں کے لئے حوا لہ کردیا قرآن امام بارگاہوں میں تو نظر آتا ہے مگر بزنس مین کے دفتر میں قرآن کہیں نظر نہیں آتا ہماری پا لیسی بھی باطل ہے تو اب اس سے بڑھ کر قرآن پر کیا ظلم ہو گا امام خمینی اپنی و صیت میں کہتے ہیں کہ جو ظلم قر آن پر ہوا جو ظلم اہل بیت ؑ پر ہو. یہ ظلم قرآن اور اہل بیت ؑ پر نہیں ہوا بلکہ یہ ظلم دینا کے مظلو لوموں پر ہو ر ہا ہے آج جو کسی کا حق چھینا جا ر ہا ہے اس لئے کہ قرآن مظلوم ہے اگرقرآن کی حکومت ہو تی توآج پاکستا ن میں بھا ئی بھا ئی پر گو لیاں نہیں چلا تا کیا اگر آج ہماری حکو مت قرآن کے مطا بق ہوتی توقوم پرستی نہیں ہو تی. کیا اسلا م نے ہمیں قوم پر ستی کا درس دیا ہے؟ اسلا م نے ہمیں خد ا پر ستی کا در س دیا ہے

مو لا علی ؑ فر ما تے ہیں اس نفس کی بیماری کی وجہ سے انسان خدا سے دور ہوجاتا ہے غافل ہو جا تا ہے ہا ں غفلت بہت بڑی بیماری ہے یہ غفلت ہے جو ہم قرآن سے دور ہو جا تے ہیں مو ت سے ہم غافل ہو گئے ہیں اگر ہم مو ت سے غافل نہ ہوتے تو قرآن سے غافل نہ ہوتے ، اگر موت سے غافل نہ ہوتے تو اہل بیت ؑ سے بھی غافل نہ ہو تے. مو لا علی ؑ فر ما تے ہیں: اے انسانو ! یہ مہلت ہے ابھی تمہا را اعما ل نا مہ کھلا ہوا ہے اے انسان جلدی سے اپنے گنا ہوں کو مٹادے تمہیں کیا معلو م کہ تمہیں مو ت کب آئے گی یہ شیطا ن کا دھوکہ ہے یہ شیطان کا حملہ بہت بڑا حملہ ہے اب سنئے حضرت لقما ن اللہ کے نبی ہیں ان کا ذکر

قر آن میں مو جو دہے ان سے ارشاد ہوا کیو ں کہ حضرت لقما ن سا دہ زندگی بسر کر رہے تھے حضرت لقما ن ایک زمیندا ر کے پاس کا م کر تے تھے ایک دن یہ ہوا کہ وہ زمیندار کے گھر جا کر سو گئے اب نماز تہجد کا وقت آ یا حضرت لقمان نماز تہجد کے لیئے اٹھے پیغمبر خدا ص نے تین مرتبہ اپنی وصیت میں کہا ، مولا علی سے و صیت تھی مگر وہ وصیت فقط علی سے نہیں کر ر ہے تھے بلکہ وہ پورے کائنا ت کے مسلما نوں سے وصیت کررہے تھے، کیا فر ما یا، تین مرتبہ فرمایا: علیک بصلا ۃ اللیل اے علی نماز تہجد کا پیغا م ہر مسلما ن کو سنا دینا کہ نماز تہجد ضرور پڑھنا

ایک دن مو لا علی - کا ماننے والا آیا اس سے مو لا نے فر ما یا تو نما ز تہجد کیوں نہیں پڑھتا ہے اس نے کہا مولا بہت دل چاہتا ہے کہ میں نماز تہجد پڑھوں آپ نے نماز تہجد کے بارے میں اتنی فضیلت بتائی ہے جو نماز تہجد پڑھے گا اس کی قبر رو شن ہو جا ئے گی قبر میں اسے کو ئی تکلیف نہیں ہوگی نماز تہجد قبر کا نور ہے نماز تہجد آ خرت کا سر ما یہ ہے مولا میرا دل بہت چاہتاہے کہ میں نماز تہجد پڑھوں مگر مجھے نماز کے لئے اٹھا نہیں جاتا ہے اب کیا کر وں میرا دل بہت چاہتا ہے اب مولا اس کا جوا ب دیتے ہیں، مولا فر ما تے ہیں ،با ت یہ ہے کہ وہ میرا شیعہ نہیں ہے جو نماز تہجد نہ پڑھے، علی کے شیعہ وہ ہیں جو علی کی با ت مانیں تو میرا شیعہ نہیں ہے تواپنے کو میرا شیعہ کہلوا تا ہے مولا نے اس سے فر ما یا: بات یہ نہیں ہے کہ تجھ سے اٹھانہیں جاتا ہے بات یہ ہے کہ تو شیطان کے قیدخانہ میں بند ہے تو شیطان کا قیدی ہے کیوں مو لا نے فر ما یا جب تونماز تہجد کے لئے اٹھنا چاہتا ہے تو شیطا ن تیرے گلے میں طو ق ڈالتا ہے تیرے پاؤں میں زنجیر ڈالتا ہے اور تجھے اٹھنے ہی نہیں دیتاہے مولا یہ زنجیر کیسے ،مو لا فرما تے ہیں : یہ صبح سے لیکر پورے دن بھر جو تو گنا ہ کر تا ہے آنکھ سے گنا ہ کر تا ہے زبا ن سے گنا ہ کر تا ہے نامحر م کو گنا ہ کی نظر سے دکھتا ہے یہ جو تو سا تو ں اعضا سے گنا ہ کر تا ہے وہ تیرے لئے زنجیر بن جا تے ہیں تجھے اٹھنے نہیں دیتے ہیں اگر تو مال حر ام کھاتا ہے تو تجھے نماز تہجد میں لذت نہیں ملتی ہے

مو لا امام جعفر صادق -اپنی وصیت میں فر ما تے ہیں کہ میرے نصیب دو رکعت نماز تہجد پو ری کا ئنات سے اور جو کچھ کائنات کے اندر ہے اس سے افضل ہے دنیا دار انسان کو یہ سمجھ میں نہیں آئے گا کہ مو لا نے کیا فر ما یا: کہ دو رکعت نماز تہجد مو لا فر ما تے ہیں کہ کو ئی مجھے یہ کہے کہ دو رکعت نماز تہجد نہ پڑھو تو پھر پورے کائنات کی حکومت ملے گی مو لا فر ما تے ہیں میرے نزدیک دو رکعت نماز تہجد کا پڑھنا پوری کائنات اور جو کچھ اس کائنات میں ہے اس سے افضل ہے یہ جملہ ہمیں سمجھ میں نہیں آئے گا، مولا فر ما تے ہیں کسی دنیا پرست کے سمجھنے میں نہیں آئے گا قر آن نے اس کے بارے میں خود فرمایا، ہاں میرے

محبوب یہ جملہ اسے سمجھ میں آئے گایہاں دنیا میں دنیا پرست لو گ اس جملہ کو نہیں سمجھ سکتے انھیں سمجھ میں نہیں آئے گا مگر ایک دن وہ اس جملہ کو سمجھیں گے کب قرآن نے فرمایا: "الھاکم التکاثرحتیٰ زرتم المقابر" اے دنیا پرست انسان تجھے یہ بات سمجھ میں نہیں آئے گی کہ دو رکعت نماز تہجد پڑھنا اللہ سے عشق کرنا اللہ سے محبت کی باتیں کر نا پو ری کائنات کے مال اور دولت سے کیسے افضل ہے یہ بات سمجھ میں نہیں آئے گی مالک ہم کب سمجھیں گے اللہ نے فرمایا: "الھاکم التکاثرحتیٰ زرتم المقابر" جب تیری پیٹھ قبر کے ساتھ لگے گی یہاں تو دنیا میں وزیر تھا جب تیرے پیٹھ قبر میں لگیں گے ا ب تو ہو ش میں آئے گا میں دنیا میں ارب پتی تھا وہ ارب پتی ہونا قبر میں میرے لئے خالی کے برابر ہے اے انسان تو نے شہرت اپنا مقصد سمجھا ، انسان شہرت کو کمال سمجھنے والے انسان ، سن ا گر کسی نے دو رکعت نمازتہجد پوری کا ئنات سے افضل ہے اوریہ کب سمجھے گا جب اس کی پیٹھ قبر سے لگے گی تو دنیا میں ارب پتی تھا بادشاہ تھایہ اب قبر میں سب کچھ خاک کی ما نند ہے لیکن ایک سجدہ رب العالمین کے لئے کائنات سے افضل ہے اگر تو نے ایک آنسوبہا یا یہ افضل ہے اگر تو ذکر حسین میں آ یا اور اپنی اصلا ح کی تویہ افضل ہے کیو ں کہ یہ دنیا فانی ہے یہ دنیا کا ما ل فانی ہے

اللہ سبحانہ و تعالیٰ حدیث قدسی میں فر ما تا ہے : کہ کچھ لو گ دنیا کے بڑے پاپلر انسان ہیں منسٹر ہیں مشہور ہیں مگر فر ما یا کچھ لو گ دنیا میں بہت مشہور ہیں مگر آسمانوں میں انھیں کو ئی نہیں جا نتا ہے حدیث قدسی میں فر ما یا: کچھ لوگ دنیا میں مشہور نہیں ہیں کو ئی انھیں نہیں جا نتا ہے لیکن آسمانوں میں رہنے والوں یعنی فرشتو ں میں بہت مشہور ہیں اللہ کے رسول سے پوچھا گیا اللہ کے رسول یہ کون لو گ ہیں کہ انھیں دنیا میں کو ئی نہیں جانتا لیکن آ سمان میں رہنے وا لے فرشتے انھیں جا نتے ہیں اللہ کے رسول نے فر ما یا: فقط انہیں جانتے نہیں بلکہ ان سے محبت کر تے ہیں تو اللہ کے رسول فر ما تے ہیں جو مو من آدھی رات کو اٹھ کر نمازتہجد پڑھتا ہے کہ جن گھروں میں آدھی رات کو نماز تہجد پڑھی جا تی ہے وہ گھر آ سمان والوں کے لئے اس طرح سے چمک تا ہے جس طرح سے تمہارے لئے چاند، ستارے چمکتے ہیں آسمان والے فرشتے ان سے نورلیتے ہیں ان سے روشنی لیتے ہیں پھر پیغمبر ص فرماتے ہیں جو مومنہ یا مومن نماز تہجد کے لئے اٹھتا ہے تو اس کے پیچھے سات صفیں نوارنی فرشتوں کی کھڑی ہوجاتی ہے یعنی اس دنیا سے لیکر دنیا کے دوسرے کونے تک یعنی شمال سے لیکر جنوب تک صف ہوتی ہے اور جب وہ نماز ختم کرتا ہے تو یہ تمام اس کے لئے توبہ کرتے ہیں کہ اے مالک اسے بخش دے مالک اسے گناہوں سے معاف کردے. اب آپ نے دیکھا کہ نماز

تہجد پڑھنے والے کا کیا مقام ہے کہ جہاں اس کے قدم ہوتے ہیں وہاں نورانی فرشتوں کے سر ہوتے ہیں. اے انسان تجھے یہ فانی دنیا کیا دے گی کچھ بھی نہیں دے سکتی. لیکن وہ ایک سجدہ جس میں اپنی گناہوں پر گریہ ہو وہ پوری کائنات سے افضل ہے.

رسول خدا ص نے فرمایا: اے گناہگارو! اپنے گناہوں کو قبر میں مت لیجانا یہ جو گناہوں کا بوجھ تمہارے پیٹھ پر ہے انھیں قبر میں مت لیجانا عبادتوں کو لیجانا جو آنسو مولا حسین - کے غم میں بہیں انھیں لیجانا مگر خدا کے واسطے اپنے گناہوں کو قبر میں مت لیجانا کیوں کہ یہ گناہ بچھو بن کر تم پر عذاب کریں گے. اللہ کے رسول ص سے پوُچھا گیا ہم گنہگار ہیں گناہ کرچکے ہیں ان گناہوں کو کس طرح سے جان چھڑائیں تو فرمایا، دیکھو چوبیس گھنٹوں میں لمبا سجدہ کیا کرو معصوم فرماتے ہیں ان چوبیس گھنٹوں میں ایک سجدہ ایسا کیا کرو کہ وہ بہت ہی طولانی ہو اور سجدہ میں جاکر وہ ذکر کرو جو حضرت یونس نے مچھلی کے پیٹ میں کیا تھا کہ حضرت یونس کو رہائی ملی تھی تو ہم بھی شیطان کے قید میں پھنسے ہوئے ہیں ہم کو بھی رہائی چاہئے تو وہ ذکر کرنا پڑے گا جو حضرت یونس نے کیا تھا اور وہ ذکر یہ ہے ''لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین'' اے میرے مالک تیری ذات پاک و پاکیزہ ہے لیکن میں بڑا ظالم ہوں میں بڑا گنہگار ہوں مگر مالک تو مجھے معاف کردے پیغمبر اکرم ص فرماتے ہیں ایک ایک گناہ کو یاد کرو اور یہ جملہ کہو ''لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین'' اللہ کے رسول نے فرمایا: اپنے بچپن کے گناہوں کو یاد کرو، جوانی کے گناہوں کو یاد کرو، خدا مومن کو اس لئے گناہ یاد دلاتا ہے اگر انسان مومن ان گناہوں سے معافی مانگ لے تو ان گناہوں کو خدا بخش دیتا ہے اور جو تمہارے پیٹھ پر جو گناہوں کا بوجھ ہے لمبا سجدہ کیا کرو تاکہ یہ بوجھ ہلکا ہو جائے جب معصوم سے پوچھا گیا کہ انسان سب سے زیادہ اللہ کے نزدیک کس حالت میں ہوتا ہے تو فرمایا جب وہ بندہ سجدہ میں ہو اور اس کے آنکھوں میں آنسو ہو اس حالت میں بندہ اللہ کے نزدیک تر ہے اور حالت سجدہ اللہ کو پسند ہے حالت سجدہ میں رونا بڑی عبادت ہے یعنی یہ علماء کا سلسلہ تاکید ہے

امام خمینی کے استاد آیۃ اللہ ملکی تبریزی اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ مومنوں کو چاہئے کہ کم سے کم چار سو مرتبہ چوبیس گھنٹوں میں یہ ذکر کریں ''لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین'' اے میرے مالک ہم گنہگار ہیں تو ہمیں بخش دے. اپنی گناہوں سے معافی مانگنے کا یہ بہترین طریقہ ہے کیوں کہ پیغمبر اکرم ص فرماتے ہیں: ''حاسبوا قبل ان تحاسبوا'' اے انسان اپنے گناہوں کا اللہ کے حساب و کتاب سے پہلے خود اپنا حساب و کتاب کر لے اگر آج تو نے ان گناہوں کو یاد کر کے ایک آنسو بہانا کروڑوں سے افضل ہے. رسول خدا ص فرماتے ہیں: قیامت کا میدان ہوگا ایک گنہگار کے بارے حکم ملے گا کہ اسے جہنم میں پھینک دو اس گنہگار کو جہنم میں پھینک دیا جائے گا اس کا جسم آگ سے جلنے لگے گا اتنے میں ایک نورانی جوان آئے گا اور کہے گا اسے جہنم سے

نکال دے گا اور اسے کنارے پر رکھ دے گا اس کے جسم پر ہاتھ پھیرے گا اس کا پورا جسم جو آگ سے جل رہا تھا وہ ٹھیک ہو جائے گا اصحاب نے پوچھا کہ اللہ کے رسول وہ نورانی نوجوان کون ہوگا جو اس گنہگار کو اس عذاب سے نجات دے گا تو اللہ کے رسول فرماتے ہیں کہ وہ اس کے آنکھ سے بہنے والا آنسو ہوگ. جب مولا حسین کی مجلس میں آنسو بہتا ہے وہ بھی سبب بنتا ہے کہ ہم اپنے مالک کی طرف متوجہ ہو جائیں مالک میں بہت بدکار ہوں گنہگار ہوں مالک اگر تو مجھے بخش نہیں دے گا تو میں برباد ہوجاؤں گا اے میرے مالک میں نمک حرام ہوں میں نے تیرے ساتھ نمک حرامی کی ہے اگر انسان سوچے تو انسان خدا سے غافل ہے، موت سے غافل ہے کہ خدا ہم سے کتنی محبت کرتا ہے اور ہم اس سے کتنا دور بھاگتے ہیں خدا ماں باپ سے زیادہ اپنے بندوں سے محبت کرتا ہے مگر ہم غافل ہیں کہ خدا کتنا اپنے بندوں کو چاہتا ہے

روایتوں میں ہے کہ جب خدا نے حضرت ابراہیم کو علم دیا تو حضرت ابراہیم پوری کائنات کو دیکھنے لگے ایک گنہگار کو دیکھا اس کو بدعا کی وہ گنہگار وہیں مرگیا دوسرے گنہگار کو دیکھا بد دعا کی وہ بھی مر گیا اتنے میں قدرت کی آواز آئی اے ابراہیم کیا کر رہے ہو میرے سارے بندوں کو مار ڈالوگے میں تو گنہگار کو ہزار بار مہلت دیتا ہوں گناہ کرتا رہتا ہے میں اسے مہلت دیتا رہتا ہوں شاید ٹھیک ہو جائے شاید غفلت سے نکل آئے. خدانے قارون جیسے ظالم کو بھی مہلت دی جب حضرت موسی نے قارون کو بددعا دی کہ اے زمین قارون کو کھا جا تو قارون زمین کے اندر چلا گیا

مگر پورا زمین کے اندر نہیں گیا پھر موسی نے کہا اے زمین قارون کو نگل لے پھر گھٹنے تک اندر گیا پھر حضرت موسی نے کہا اے زمین قارون کو نگل لے اب کمر تک اندر گیا پھر حضرت موسی کو زمین سے کہنا پڑا ، قارون کو نگل لے اب قارون سینہ تک زمین کے اندر چلا گیا پھر موسی نے کہا اے زمین قارون کو نگل جا اب قارون گردن تک زمین کے اندر چلا گیا اب بھی وہ اللہ کی طرف متوجہ نہیں ہوا اللہ کی طرف سے قارون کو مہلت تھی علماء کہتے ہیں ، اگر خدا چاہتا تو زمین ایک مرتبہ میں نگل جاتی کیوں کہ حضرت موسی نے زمین کو حکم دیا تھا کہ قارون کو نگل لے مگر زمین نے پورا نہیں نگل. پہلے پاؤں تک زمین کے اندر گیا پھر گھٹنے تک. یعنی خدا نے قارون جیسے انسان کو بھی مہلت دی اب بھی موقعہ ہے توبہ کر لے مگر وہ بدبخت اس موقعہ سے فائدہ نہیں اٹھا سک. اب بھی یہ دنیا کی محبت اس کو مردود بنا رہی ہے قارون کیا کہتا ہے . کہتا ہے اے موسی میں جانتا ہوں تو مجھے کیوں مارنا چاہتا ہے کیوں کہ تو میرے سونے پر قبضہ کرنا چاہتا ہے یعنی وہ آخر وقت تک اس سونے مال دولت کو شیطان نے اس کے سامنے ایسا بت بنا کر رکھا کہ وہ اس مہلت کی طرف متوجہ نہیں ہوا جب موسی نے فرمایا: کی تو یہ سمجھتا ہے. تو موسی نے زمین کو حکم دیا اے زمین

اس سونے کے پہاڑ کو نگل لے زمین نے فورا حکم مانا اور پورا سونا نگل گئی جب کہ سونا قارون کے بدن سے سو گنا زیادہ تھا مگر پہلے قارون کے پاؤں نگلے پھر گھٹنے نگلے یعنی خدا قارون کو بھی مہلت دینا چاہتا ہے خدا ہر انسان کو مہلت دیتا ہے مگر یہ ہم ہیں جو اس زندگی سے فائدہ نہیں اٹھاتے، ہم اس عظیم نعمت سے کما حقہ استفادہ نہیں کرتے، بلکہ اسے برباد کر دیتے ہیں

حضرت موسی کوہ طور پر گئے قدرت کی آواز آئی اے موسی یہ قارون تجھے کہہ رہا تھا کہ تجھے واسطہ ہے میری رشتہ داری یا میرے شہر کا یا دوستی کا تجھے یہ واسطے یہ دے رہا تھا یہ قارون اگر میری طرف متوجہ ہو جاتا تو اے موسی میں اس کی ساری خطاؤں کو معاف کر دیت. خدا ہر ایک کو بخشنے کے لئے تیار ہے مگر یہ انسان ہے جو اپنے رب کریم سے غافل ہے

دعائے افتتاح میں یہ معصوم کے جملے ہیں: ''فلم ار مولا کریما'' اے میرے مالک میں نے تجھ جیسا کریم مالک آج تک نہیں دیکھا ہے خدا کی کیا صفت ہے ''اصبر علی عبد ...'' اے میرے مالک تو گنہگار پر جتنا صبر کرتا ہے کہ وہ گناہ کرتا چلا جاتا ہے اور تو دیکھتا چلا جاتا ہے تو صبر کرتا ہے اسے مہلت دیتا ہے کہ اگر ہم کو گناہ کرنے کی حالت میں موت آجاتی تو وہ موت کفر پر ہوتی اگر انسان گناہان کبیرہ جس طرح سے جوا کھیل رہا ہو گندی فلمیں دیکھ رہا ہو اگر وہیں خدا اسے موت دیدے تو اس کی یہ موت اسلام پر نہیں ہوگی بلکہ یہ موت کفر پر ہوگی کہ خدا نے ہمیں مہلت دی کہ اب بھی آجائیں اب توبہ کا دروازہ کھلا ہوا ہے وہ خدا کتنا کریم ہے ہم گناہ پر گناہ کرتے چلے جاتے ہیں وہ خدا معافی پر معافی دیتا چلا جاتا ہے

حضرت ابراہیم بڑے مہمان نواز تھے بغیر مہمان کے کبھی کھانا نہیں کھاتے تھے ایک مرتبہ ایک مہمان مل نہیں رہا تھا تو گھر سے باہر جاکر راستہ میں کھڑے ہوگئے ایک ستر برس کا بوڑھا ملا کہا آؤ میرے مہمان بن جاؤ

بوڑھا ابراہیم کے گھر آیا اب جب دسترخوان پر کھانا لگا تو حضرت ابراہیم نے اس بوڑھے سے کہا اللہ کا نام لیکر کھالو یعنی بسم اللہ الرحمن الرحیم کہہ کھالو اس بوڑھے نے کہا میں تیرے خدا کو نہیں جانتا ہوں اور نہ مانتا ہوں تو حضرت ابراہیم بہت ناراض ہوئے، فرمایا: ایسا مہمان مجھے نہیں چاہئے جو نہ میرے رب کو جانتا ہو اور اسے مانتا ہو اب یہ کہا تو وہ بوڑھا سمجھ گیا اور اس نے کھانا نہیں کھایا اور اٹھ کر گھر سے چلا گیا بس بوڑھا گھر سے نکلا تو وہاں سے جبرئیل نازل ہوئے، پروردگار کا حکم لائے، پروردگار نے فرمایا: اے ابراہیم ستر برس تک میں نے اس بندہ کو رزق دیا میں نے آج ایک دن کا رزق تیرے حوالہ کردیا تو تو نے میرے بندہ کو ناراض کردیا اے بندہ تو اس رب سے غافل ہے مولا علی اس غفلت کے بارے میں فرماتے ہیں یہ غفلت شراب کے نشہ سے بدتر ہے اے ابراہیم میں نے ستر برس تک اسے رزق دیا ایک دن میں نے اس کا رزق تیرے حوالہ کردیا تو تونے میرے بندہ کو نکال دیا میں تیرے اس

عمل سے راضی نہیں ہوں حضرت ابراہیم یہ سن کر کھانا کھائے بغیر اس بوڑھے کی تلاش میں نکلے حضرت ابراہیم کو وہ بوڑھا کافر بڑا مشکل سے ملا اس سے کہا چلو میرے ساتھ کھانا کھالو بوڑھے نے کہا اب نہیں کھاؤں گا آپ نے خود مجھے نکال دیا اب میں نہیں کھاؤں گا اب حضرت ابراہیم اس سے منت سماجت کر رہے ہیں اس کہا میں نہیں کھاؤں گا اس نے کہا بھلے آپ نے مجھے نکالا کیوں؟ اور اب منتیں کیوں کر رہے ہیں ابراہیم نے کہا کیا کروں میرے مالک کا حکم ہے میرے مالک نے مجھے حکم دیا کہ میں اپنے بندہ کو ستر برس سے رزق دے رہا ہوں اور آج ایک دن کا رزق تیرے حوالہ کردیا تو تونے بندہ کو گھر سے نکال دیا اب جو اس بوڑھے نے یہ سنا تو وہ کافر بھی رونے لگا کہا اچھا میرا مالک ایسا ہے ارے ایسے مالک سے میں غافل ہوں کہ وہ اتنا بھی برداشت نہیں کرتا کہ ایک دن میرا رزق بند ہو جائے. مولا علی - فرماتے ہیں: ''الغفلة و الغرور اشد سفرا من الشروب'' یہ غفلت شراب کے نشہ سے بدتر ہے اور غرور شیطان کا دھوکہ ہے

حضرت لقمان زمین پر کھیتی باڑی کا کام کرتے تھے اب جب نماز تہجد کا وقت آیا حضرت لقمان نے اس زمیندار کو جو بڑا غریب تھا اسے نماز تہجد کے لئے اٹھایا ، اٹھو وہ وقت آگیا کہ اپنی قبر کو آباد کرو قبر کو نورانی بناؤ اٹھو نماز تہجد پڑھو اللہ کا نور حاصل کرو اس نے کیا کہا جو ہم کہتے ہیں ارے بھئی چھوڑو سونے دو. اللہ بڑا رحمان ہے حضرت لقمان نے خود نماز تہجد پڑھی اب جب نماز فجر کا وقت آیا نماز فجر کی اذان ہوئی تو حضرت لقمان نے پھر جاکر اسے اٹھایاآگر نماز مستحب نہیں پڑھتے تو نماز واجب تو پڑھ لو اگر نماز واجب نہیں پڑھی تو عذاب ہوگا اس شخص نے پھر بھی وہی جواب دیا کہ آپ میری نیند خراب کر رہے ہیں خدا بڑا بخشنے والا ہے پھر سو گیا اب حضرت لقمان نے سمجھا کہ شیطان کے دھوکے میں ہے اس نے اللہ کی رحمت کو غلط سمجھا ہے صبح ہوئی اس زمیندار نے حضرت لقمان کو بیج دیا کہا یہ گندم کا بیج ہے جاؤ اور اسے زمین میں بوؤ. حضرت لقمان گندم کو لیکر چلے حضرت لقمان نے گندم نہیں بویا بلکہ گھانس کا بیج لیکر اور اسے تقسیم کردیا

اب بڑی دیر کے بعد وہ آئے رئیس صاحب چودھری صاحب نے کہا کیا ہو رہا ہے سب کے ہاتھوں میں دیکھا کہ وہ گھانس کا بیج لگا رہے ہیں لقمان سے کہا ہم نے آپ کو گندم کا بیج دیا تھا کہ یہاں گندم کا بیج لگائیں. حضرت لقمان نے جواب دیا کہ گندم کا بیج بہت مہنگا تھا ہم نے سوچا کہ یہ گھانس کا بیج بہت سستا ہے ہم گھانس کا بیج لگائیں گے مگر اللہ بڑا رحیم ہے ہم گھانس کا بیج لگائیں گے اور گندم زمین سے نکلے گ. زمیندار نے کہا کیا فرمارہے ہو کیا آپ مجھے بیوقوف سمجھ رہے ہو کہ لگاؤ گے گھانس اور گندم نکلے گا حضرت لقمان نے کہا خدا تو رحیم ہے کہا صاحب یہ کیسے ہوگا جو بیج ہم لگائیں گے وہی زمین سے نکلے گا تو حضرت لقمان نے کہا تو

دنیا کے مسئلہ میں خدا کو رحیم نہیں سمجھتے لیکن جہاں آخرت کی بات آجاتی ہے قبر کی بات آتی ہے قیامت کی بات آتی ہے کہتے ہو ارے تو بہت ڈراتا ہے خدا بہت رحیم ہے بیشک خدا بڑا رحیم ہے یہ خدا کا رحم ہے کہ تو ابھی تک زندہ ہے تیرے کتنے ہم عمر مر گئے تم سے کم سن مرگئے۔ امام نے فرمایا اگر کوئی قبرستان میں جاکر ان قبروں میں رہنے والوں سے پوچھے کہ تمہاری کیا خواہش ہے سب کی ایک خواہش ہوگی کہ خدا پھر سے زندگی دیدے گناہوں سے معافی مانگیں آنسو بہائیں اللہ کی عبادت کریں ، خمس و زکات نہیں دیا تھا اسے ادا کریں، ہمیں مہلت ملے لیکن آج اے انسان تیرے پاس یہ مہلت ہے روایتوں میں ہے کہ جب شب جمعہ ہوتی ہے تو تمہارے گھروں کے اوپر تمہاری ماں کی روح آتی ہے تمہارے باپ کی روح آتی ہے اور آکر فریاد کرتی ہے اے میرے بچے اے میری بچی ہم بھی تمہاری طرح اس دنیا کے نشہ میں غافل تھے شیطان کے دھوکے میں تھے دیکھو تم اس کے دھوکے میں نہ آنا یہ دنیا فانی ہے ایک دن تجھے چھوڑنا پڑے گی دیکھو ہم نے نقصان اٹھایا تو نقصان نہ اٹھانا

دوسری فریاد وہ ماں کیا کرتی ہے کہتی ہے اے میرے لال اے میری بچی میں نے کس پیار سے تجھے پالا تھا دیکھو آج ہمارے ہاتھ باندھ دیئے گئے ہیں اب ہم دعا نہیں کرسکتے ہیں مگر تمہارے ہاتھ ابھی کفن میں نہیں بندھے ہیں تمہارے ہاتھ کھلے ہوئے ہیں کچھ ہمارے لئے دعا کرو دیکھو ہماری زبانیں ہمارے اختیار میں نہیں ہیں تمہاری زبانیں کھلی ہوئی ہیں تمہارے اختیار میں ہیں کچھ اللہ کا صدقہ ہمارے نام پر دو کہ کچھ ہمیں ثواب ملے یہ ماں باپ کی روحیں ہماری ہدایت کے لئے آتی ہیں لیکن کچھ صالح بچے ہوتے ہیں کہ کچھ بھیجتے ہیں لیکن پوری رات ماں باپ کی روح فریاد کر کے چلی جاتی ہے پھر یہی بد دعا ملتی ہے کہ دیکھ اگر تو ہم پر احسان کرتا تو کوئی تجھ پر احسان کرتا مگر تو نے ماں باپ پر احسان نہیں کیا تیرے ماں باپ آج فقیر بن کر تیرے در پر آئے تھے دونوں کو واپس کردیا آج یہ رحمت ہے. "الدنیا مزرعۃ الآخرۃ" دنیا آخرت کی کھیتی ہے جو بیج لگاؤ گے وہی وہاں پاؤ گے اگر تونے گھانس کا بیج لگایا ہے

تو یہ مت سمجھو کہ اللہ کی رحمت سے گندم نکل آئے گا اگر تم نے گناہ کا بیج لگایا تو یہ مت سمجھو کہ ثواب کا درخت نکلے گا اگر گناہ کیا ہے تو یہ درخت کو ہم جہنم میں لگارہے ہیں غفلت کی بھی قسمیں ہیں کچھ لوگ آخرت سے غفلت، موت سے غفلت، قبر سے غفلت میں رہتے ہیں اور کچھ لوگ اپنے مالک سے غافل رہتے ہیں وہ خدا جس کے دسترخوان پر بیسوں سال سے رزق کھاتے رہتے ہیں لیکن اس سے کتنے غافل رہتے ہیں وہ اللہ کتنا کریم ہے ہم گناہ کرتے چلے جاتے ہیں لیکن کبھی اس نے ہمارا رزق بند نہیں کیا مالک تو کتنا کریم ہے بلکہ اور نعمت بڑھاتا ہے کہ شاید اس کو حیا آئے. اے انسان تو گناہ کیسے کرتا ہے امام جعفر صادق - کا

یہ جملہ باربار سنئے امام - فرماتے ہیں تو گناہ کرتا کیسے ہے تجھے جراءت کیسے ہوتی ہے کہ تو گناہ کرے جب بھی تو گناہ کرتا ہے کیا تجھے خدا نہیں دیکھتا ہے جہاں بھی تو گناہ کرے، کمرے میں چھپ کر کرے پھر بھی خدا دیکھتا ہے کہیں بھی تو گناہ کرے گا تو خدا تجھے دیکھتا ہے. امام - فرماتے ہیں اے گنہگار اگر تو یہ سمجھ کر گناہ کرے کہ خدا تجھے نہیں دیکھتا ہے پھر تو کافر ہے مسلمان نہیں ہے اور اگر تیری والدہ یا تیرا والد تجھے گناہ کرتے ہوئے دیکھے کیا تو گناہ کرسکے گا یا جن کا تو احترام کرتا ہے یا جو تیرا احترام کرتے ہیں اگر وہ تجھے دیکھیں تو پھر گناہ کرے گا راوی نے کہا مولا نہیں کروں گا تو مولا نے فرمایا: اگر تیرے ماں باپ دیکھیں تو تو گناہ نہیں کرسکتا ہے جو تیرا احترام کرتے ہیں ان کے سامنے تو گناہ نہیں کرسکتا ہے. جب تو گناہ کرتا ہے تو کیا تیرے دل میں انسان سے کمتر اللہ کا احترام ہوتا ہے تو اتنا مردود بن جاتا ہے اس لئے گناہ کرتا ہے اگر تیرے دل میں اللہ کا احترام ہو اگر ایک عام انسان جیسا بھی احترام ہو تو کبھی وہ گناہ نہیں کرسکتا

امام خمینی نے نورانی جملہ کہا کہ جس جملہ کی بنیاد پر یہ انقلاب عظیم برپا ہوا، فرمایا: ''دنیا محضر خدا است در محضر خدا معصیت نہ کنید'' یہ دنیا خدا کے سامنے حاضر ہے پس خدا کے سامنے گناہ نہ کرو. اعضا خدا نے دیئے اگر تو نے اس آنکھ کو کسی کی ماں بہن کو گندی نظر سے دیکھ رہا ہے تو یہ آنکھ تجھ کو کس نے دی ہے ذرا سوچ اگر یہ آنکھ تیرے پاس نہیں ہوتی اگر نابینا ہوتا تو دردر کی ٹھوکریں کھاتا ایک سڑک پار کرنے کے لئے بھی محتاج ہوتا اس عظیم نعمت سے آج تو گناہ کر رہا ہے. امام زین العابدین - یہی نورانی جملہ کہتے ہیں کہ اے بندے تیرے اوپر افسوس ہو تو اللہ کی دی ہوئی نعمت کے ذریعے سے گناہ کر رہا ہے زبان کتنی بڑی نعمت ہے ہم اس سے گناہ کرتے ہیں انسان اگر کسی ظالم کی حمایت کرتا ہے یہ چار پیسہ کی خاطر اس ظالم کی حمایت کرتا ہے اگر یہ امت غفلت سے نکل آئے اور قرآن کے نورانی اصولوں پر عمل کرے تو کبھی بھی ممکن نہیں کہ اس سرزمین پر اس پاک سرزمین پر کوئی ظالم حکومت کرے. یہ امریکہ ہے جو لوگوں کو لڑا رہا ہے آپ نے دیکھا نہیں کہ یہودی ہمیشہ مسلمانوں کے دشمن رہے ہیں رسول خدا ص کی یہ حدیث مبارک سنئے کہ رسول خدا ص آج سے چودہ سو سال پہلے ٹھنڈی سانس لیکر افسوس کرتے ہیں سارے اصحاب پریشان ہو جاتے ہیں پوچھا اللہ کے رسول ص آپ کیوں غمگین ہیں فرمایا: کہ میں آخری زمانے دیکھ رہا ہوں اور آخری زمانہ کے مسلمانوں پر رو رہا ہوں پوچھا گیا مولا آپ آخری زمانے کے مسلمانوں پر کیوں رو رہے ہیں؟

فرمایا: ایک زمانہ آئے گا کہ مسلمانوں کی یہ حالت ہوگی کہ یہ یہودی یہ عیسائی مسلمانوں کو گوشت کے ٹکڑے کی طرح کاٹ کر تقسیم کریں گے کہ یہ حصہ تو سنبھال یہ حصہ اسرائیل کے حوالہ یہ حصہ امریکہ کے حوالہ یہ حصہ برطانیہ کے حوالہ یہ اس کے حوالے،

رسول خدا ص نے چودہ سو سال پہلے فرمایا کہ میں وہ وقت دیکھ رہا ہوں کہ مسلمان ایسے ذلیل ہو جائیں گے کہ یہودی اور نصرانی ان پر قابض ہو جائیں گے یہ سن کر سارے اصحاب پریشان ہوگئے کہا گیا مولا کیا اس وقت مسلمان اتنے کم ہو جائیں گے. فرمایا: نہیں تم سے لاکھوں کی تعداد میں زیادہ ہوں گے.

کہا کم نہیں ہوں گے پھر یہ ذلت کیوں ہوگی کہ نصرانی ان پر حاکم ہوں گے.

رسول خدا ص نے یہ بات چودہ سو سال پہلے فرمایا کہ یہ ذلت اس لئے ہوگی کہ ان کا عمل ایک طرف ہوگا قرآن کا حکم دوسری طرف ہوگا جو قرآن کا حکم ہوگا اس کے خلاف ان کا عمل ہوگا جو قرآن کی فکر ہوگی اس کے خلاف ان کی فکر ہوگی. آپ نے دیکھا کہ یہودیوں نے عیسائیوں نے کیا کیا انھوں نے کس طرح سارے عربوں کو بیوقوف بنایا جب عثمانیہ حکومت تمام عرب ممالک پر تھی لیکن کیا ہوا اس عثمانی حکومت سے ناانصافی ہوئی عربوں پر ظلم ہوا جب بھی ظلم ہوگا جب بھی حق مارا جائے گا

تو پھر ظالم کو بہت آسانی ہوگی کہ وہ قوم پرستی پیدا کریں کہیں گے کہ تیرا حق چھینا جارہا ہے یہ کرسی تیرا حق ہے یہ تیرے حق کو پامال کر رہے ہیں عربوں میں انگریزوں نے قوم پرستی پیدا کی جس کے نتیجہ میں وہاں قوم پرستی بڑھتی چلی گئی اور یہ قوم پرستی اتنی بڑھی کہ عربوں نے ترکی مسلمانوں کے خلاف جنگ کی کہ ہم آزادی چاہتے ہیں کیوں کہ پہلا قصور ترکی کا تھا . کیونکہ صالح حکمران نہیں تھے اب عرب اور ترک لڑے اور برطانیہ نے فرانس میں یہودیوں اور عیسائیوں نے مسلمانوں کو یہ فکر دی کہ آپس میں لڑو اور آزادی حاصل کرو تو تم عظیم عربستان بناؤ گے نتیجہ میں کیا ہوا کیا عظیم عربستان بنا؟

نہیں ادھر سے جنگ ختم ہوئی دونوں آپس میں لڑے اور مسلمان ضعیف ہوئے نتیجہ یہ ہوا کہ پورے عربستان کو دو حصے میں تقسیم کر دیا گیا ایک حصہ فرانس کے اختیار میں چلا گیا اور دوسرا برطانیہ کے حصہ میں چلا گیا اور اسی وقت اسرائیل بنا اور اسی وقت بیت المقدس ہاتھ سے چلا گیا آپ نے دیکھا کہ یہ قوم پرستی مسائل کا حل نہیں ہے بلکہ یہ قوم پرستی غلامی کی زنجیر ہے بنگلادیش کیوں بنا؟ کیوں کہ یہاں کے فاسق و فاجر حکمرانوں نے بنگالیوں کے حقوق کو مارا لیکن کیا آج ان کو ان کے حقوق مل گئے؟

کیا آج ظلم نہیں ہے؟ کیا ان پر پلیس گولی نہیں چلاتی ہے اب بھی وہ مرتے رہتے ہیں پہلے ان پر غیر بنگالی ظلم کر رہا تھا اور آج ان پر خود بنگالی ظلم کر رہے ہیں. یہ قوم پرستی کہاں سے چلی ہے یہ یہودیت کی ایک خطرناک سازش ہے جو مسلمانوں کے اندر قوم پرستی پیدا کر رہے ہیں. ہم ملت مسلمہ سے پوچھتے ہیں کہ یزید بھی عرب تھا اور جن پر ظلم کر رہا تھا وہ بھی عرب تھے تو یاد رکھئے کہ ظالم کی قوم ایک ہوتی ہے ظالم چاہے عرب ہو چاہے ایرانی ہو چاہے افغانی ہو. خدا قرآن میں کہتا ہے ''لعنۃ اللہ علی القوم

الظالمین'' ظلم ایک قوم ہے اور مظلوم بھی ایک قوم ہے اور حقوق قوم پرستی سے نہیں ملتے ہیں بلکہ اس سے غلامی کی زنجیر ملتی ہے اب وہی یہودی وہی انگریز اس ملک کو توڑنا چاہتے ہیں حسین اس کے خلاف ہمیں حکم دے رہے ہیں. کنبہ پرستی اور ہے خدا پرستی اور ہے. قوم پرستی یہ ہے کہ جب عربوں کے اندر یہ خبیث صفت آئی تو کہا ہمیں عرب حکمران چاہئے، چاہے وہ شرابی ہو چاہے زانی ہو بس عرب ہو. تو ہمیں منظور ہے اگر عرب نہیں ہے تو ہمیں منظور نہیں ہے. اگر خوف خدا رکھنے والا ہو متقی ہو ہمیں منظور نہیں ہے یعنی یہ قوم پرستی انسان کو اتنا عدالت سے ہٹا دیتی ہے کہ شرابی منظور ہے

لیکن نمازی منظور نہیں! اس وقت شام عراق یہ دونوں مسلمان ملک ہیں لیکن ان دونوں کے اندر قوم پرستی ہے ان دونوں کے اندر بعث پارٹی کی حکومت ہے بعث پارٹی کا چیئرمین کون ہے؟ عیسائی ہے ان دونوں کے اندر قوم پرستی ہے یعنی صدام ان کا سکریٹری ہے اور وہاں حافظ الاسد سکریٹری ہے. بعث پارٹی یہاں بھی ہے ان دونوں مسلمان ملکوں کا چیئرمین ایک عیسائی ہے خدا کی نظر میں عیسائی پیغمبر اکرم ص کا دشمن ہے نجس ہے جب انسان کے اندر قوم پرستی آتی ہے تو ایک عیسائی اور یہودی بھی منظور ہے اگر اس کے قوم سے ہے اور اگر کوئی متقی انسان ہے مگر اس کی قوم سے نہیں ہے تو وہ منظور نہیں ہے

کیا یہ قوم پرستی حق پرستی ہے ہرگز نہیں حق پرستی تو یہ ہے کہ اس کی حمایت کی جائے جو خدا پرست ہوں اب جب ہم نعرے لگاتے ہیں کہ جے مہاجر جے سندھی، تو ان نعروں میں کیا چھپا ہوا ہے کوئی یہ نہیں کہتا ہے کہ جے مسلمان ، کسی نے نعرہ لگایا جے پنجابی یعنی پنجابی شرابی بھی ہو اس کو اس نعرے میں شریک کرلو، شرابی پنجابی بھی زندہ باد ہے مگر اگر کوئی غیر پنجابی نمازی ہے اس کے لئے زندہ باد نہیں کہا گیا یعنی اب قوم پرستی میں سارے ظالم بچ جاتے ہیں اور مظلوموں کی گردنیں کٹ جاتی ہیں یہی حشر امریکی لوگوں نے بنگلادیش کا کیا

اب اس مسلمان مملکت کو بھی توڑنا چاہتے ہیں اب یہ مملکت نہیں بچ سکے گی جب تک کہ سارے علماء متحد نہ ہو جائیں سب سے بڑا قصور علماء کا ہے علماء نے ایک دوسرے کی مسجدیں جلوائیں

لوگ مجبور ہوگئے کہ قوم پرستی کریں یہ مسجدیں جلیں یہ کس نے جلوائیں ان علماء سوء نے جو علمائے سوء ہیں

شیعوں کے اندر بھی ہیں سنیوں کے اندر بھی ہیں مولا علی - سے سوال کیا گیا مولا شیطان کے بعد بدترین مخلوق کون ہے مولا نے جواب دیا کہ شیطان کے بعد بدترین مخلوق علماء ہیں. پھر پوچھا ائمہ معصومین ؑ کے بعد بہترین مخلوق کون سی ہے. فرمایا: وہ بھی علماء ہیں. آج اس پورے ماحول کو دیکھئے اور حضرت علی - کے جملہ کو سمجھنے کی کوشش کیجئے مولا علی - فرماتے ہیں انبیاء کے بعد

ائمہ کے بعد بہترین مخلوق علماء ہیں وہ علماء جو تمہیں فسق و فجور و ظلم سے نکال کر نور ہدایت تک پہونچا دیں. جیسے امام خمینی نے پوری قوم کو گناہ سے نکال کر نور کی طرف ہدایت دی. فرمایا ، شیطان کے بعد بدترین مخلوق کون سی؟ فرمایا: وہ بھی علماء ہیں اور وہ علماء ہیں جو اپنی ذاتی مفاد کے لئے مسلمانوں کے گھر جلواتے ہیں اگر ہم یہاں کوئی ایسا جملہ کسی مسلمان کے خلاف کہیں گے تو سب لوگ نعرہ لگوائیں گے مگر کسی اور مسلمان کا دل دکھے گا تو یہ قرآن پر بھی ظلم ہوگا اور اہل بیت ؑ پر بھی ظلم ہوگا قرآن نے کیا فرمایا: (و اعتصموا بحبل اللہ جمیعاً و لاتفرقوا) مسلمانو! آپس میں تفرقہ نہیں کرو اگر آج علماء متفق ہو جائیں تو یہاں اس ملک میں قرآنی نظام آنے میں دیر نہیں لگے گی ہمارے ملک میں رشوت نہیں ہوگی تو یہ علماء کی گردن پر ہے تو وہ علماء چاہیں شیعہ ہوں یا سنی ہوں ماحول میں جو خون خرابہ ہو رہا ہے وہ سب ان سنی اور شیعہ علماء کے متفق نہ ہونے کی وجہ سے ہو رہا ہے وہ سب قصور علماء کا ہے اگر آپ چاہتے ہیں کہ یہ ملک جنت بن جائے تو آپ اپنے سنی بھائیوں کے ساتھ نماز پڑھئے تمام مجتہدین کا فیصلہ ہے کہ ساتھ میں نماز پڑھ سکتے ہیں وہ بھی آئیں ایک دوسرے کے ساتھ جلسہ رکھیں ویسے ہم ساتھ ہوتے ہیں مگر نماز پڑھنے کے وقت ہم ساتھ نہیں ہوتے ہیں مولا علی - کا درد بھرا جملہ نہج البلاغہ میں موجود ہے. فرماتے ہیں: دیکھو اے شیعوں میرا حق چھینا گیا مگر میں نے صبر کیا اتحاد مسلمین کے لئے میں نے ایک لفظ نہیں کہا جو مسلمانوں کے اتحاد کو پارہ کردے اگر یہاں پھوٹ پڑ گئی تو یہاں یہودی حملہ کے لئے تیار ہیں اس زمانے کے عیسائی بھی اسلام کو نابود کرنے کے لئے تیار ہیں

مولا علی - نہج البلاغہ میں فرما رہے ہیں: اے شیعو! میں نے اس وقت صبر کیا جب میرے آنکھوں میں گویا کانٹے چبھے ہوئے تھے اور میرے حلق میں ہڈی پھنسی تھی مولا اتنی تکلیف میں مبتلا تھے مگر اتحاد کو پارہ نہ ہونے دی

اختتام

فہرست

مجلس ۱ 4

مجلس ۲ 13

مجلس ۳ 23

مجلس ۴ 33

مجلس ۵ 41

مجلس ۶ 51

مجلس ۷ 57

مجلس ۸ 69

مجلس ۹ 78